★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ

تعمیر وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27 ...... شمارہ نمبر 349 بروز پیر 14 ستمبر 2026ء یکم ربیع الثانی 1448ھ ...... قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان ...... ایڈیٹر: ایم ایس خان

صوبائی وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی کا سینیٹر نصیب اللہ بازئی کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے سینیٹر نصیب اللہ بازئی کی انتقال پر گہرے دکھ و افسوس کا اظہار کیا۔ دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان و اہل خانہ کو صبر جمیل عطا کرے۔

دالبندین سے براپچہ جانے والے ٹرک کو آگ لگادی گئی

دالبندین (آن لائن) دالبندین سے براپچہ جانے والے ٹرک کو آگ لگادی گئی پولیس ذرائع کے مطابق دالبندین سے پاک افغان سرحدی علاقہ براپچہ سامان کے جانے والے ٹرک کو مسلح افراد نے روک کر آگ لگادی گئی ٹرک جل کر خاکستر ہوگیا پولیس کے مطابق ٹرک سرحدی شہر براپچہ روزمرہ استعمال ہونے والی اشیاء لے جارہا تھا سیکورٹی فورسز موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا مزید تحقیقات پولیس کررہی ہے۔

وزیراعظم شہباز شریف کی سعودی ولی عہد سے ٹیلیفونک گفتگو، خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال، حوثیوں کے حملوں کی مذمت، سعودی قیادت سے اظہار یکجہتی

شہباز شریف کا سعودی ولی عہد سے ٹیلیفونک رابطہ، خطے میں امن و استحکام کی ضرورت پر زور

خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کے لیے اپنی نیک خواہشات اور دلی احترام کا بھی اظہار، دونوں رہنماؤں کا قریبی رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے آج سہ پہر سعودی عرب کے ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود سے ٹیلیفون پر گفتگو کی۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان گفتگو انتہائی گرمجوشی اور دوستانہ ماحول میں ہوئی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی عرب پر حوثیوں کے حالیہ حملوں، بالخصوص شہری اور اقتصادی بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے کی شدید مذمت کا اعادہ کیا۔ انہوں نے سعودی قیادت اور برادر سعودی عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حوثیوں کی حالیہ کارروائیاں علاقائی امن و سلامتی کے لیے خطرہ ہیں اور عالمی معیشت و توانائی کی فراہمی میں مزید خلل کا باعث بن سکتی ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور نائب وزیرا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 1)

تیل کی قیمتوں میں اضافے سے پڑنے والے بوجھ کا حکومت کو پورا احساس ہے، عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، وزیراعظم

اسلام آباد (آن لائن) مشرق وسطی میں حالیہ کشیدگی اور اسکے باعث عالمی منڈی میں بڑھتی ہوئی تیل کی قیمتوں کا عوام پر بوجھ بڑھنے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے وزیراعظم کی جانب سے ایک خصوصی ریلیف سکیم کا اجراء کیا گیا ہے اور روز (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 4)

نواز شریف کی زیر صدارت ن لیگ کا مشاورتی اجلاس، نئے صوبوں اور سیاسی صورتحال پر مشاورت

اسلام آباد (آن لائن) مسلم لیگ (ن) کے صدر میاں نواز شریف کی زیر صدارت مسلم لیگ (ن) کا مشاورتی اجلاس ہوا، جس میں وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سمیت مرکزی رہنماؤں نے شرکت کی، ذرائع کے مطابق اجلاس میں ملک کی مجموعی سیاسی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 3)

چیئرمین سینیٹ کی قائدانہ بصیرت سے پاکستان کی پارلیمانی سفارت کاری مزید مستحکم، خراج تحسین پیش



اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی پارلیمانی سفارت کاری کے فروغ اور دنیا بھر کی پارلیمانوں کے ساتھ پاکستان کے روابط مزید مضبوط بنانے کے لیے مسلسل کاوشوں کو بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس (ISC) کی جانب سے سراہا گیا ہے۔ یہ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 2)

خصوصی ریلیف اسکیم کا مقصد موجودہ معاشی حالات میں محنت کش طبقے پر پٹرول کی بڑھتی قیمتوں کا بوجھ کم کرنا اور سبسڈی کی فراہمی کو جدید ڈیجیٹل نظام کے ذریعے شفاف بنانا ہے

شہری اپنے نام پر رجسٹرڈ موبائل نمبر سے مخصوص ایس ایم ایس کے ذریعے رجسٹریشن کراسکیں گے موٹر سائیکل اور چنگچی کیلئے ماہانہ 20، 800 سی سی تک گاڑیوں کے لیے 30 لیٹر رعایتی پٹرول کی حد مقرر

وزیراعظم ریلیف اسکیم

مستحق شہریوں کو پٹرول پر 100 روپے فی لیٹر رعایت دینے کا اعلان

خصوصی اسکیم کے تحت جدید ڈیجیٹل نظام فعال کرنے کا دعویٰ، وزارت آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن نے صوبائی محکموں، نادرا اور ٹیلی کام کمپنیوں کے تعاون سے گاڑیوں کی تصدیق اور سبسڈی کی فراہمی کیلئے خودکار نظام تیار

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر محنت کش اور کم آمدن والے طبقات کو مہنگے پٹرول کے اثرات سے ریلیف فراہم کرنے کے لیے خصوصی اسکیم کے تحت جدید ڈیجیٹل نظام فعال کرنے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ اسکیم کے ذریعے موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے مالکان کو پٹرول پر فی لیٹر 100 روپے تک رعایت فراہم کی جائے گی۔ فراہم کردہ تفصیلات کے مطابق وزارت آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن نے صوبائی محکموں، نادرا اور (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 5)

HKGCC
Hong Kong General Chamber of Commerce

ہانگ کانگ: وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان کی ہانگ کانگ جنرل چیمبر آف کامرس کے چیئرمین اور سینئر نمائندوں سے ملاقات کر رہے ہیں

نئے صوبوں کا معاملہ سیاسی محاذ آرائی نہیں، قومی مشاورت سے حل ہونا چاہیے، چوہدری شجاعت

قومی معاملات کو اتفاق رائے سے حل کرنا ہوگا، سیاسی جماعتیں صف بندی کے بجائے مذاکرات کی میز پر بیٹھیں

اسلام آباد (آن لائن) مسلم لیگ (ق) کے صدر چوہدری شجاعت حسین نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کا معاملہ سیاسی محاذ آرائی نہیں، قومی مشاورت سے حل ہونا چاہیے، قومی معاملات کو اتفاق رائے سے حل کرنا ہوگا، سیاسی جماعتیں صف بندی کے بجائے مذاکرات کی میز پر بیٹھیں۔ چوہدری شجاعت حسین سے مسلم لیگ سندھ کے صدر آصف جمال، جنرل (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 8)

پشتون کلچر ڈے 23 ستمبر کو منایا جائے گا

کوئٹہ (آن لائن) پشتون کلچر ڈے 23 ستمبر کو منایا جائے گا اس دن کی مناسبت سے پشتون علاقوں سمیت مختلف شہروں اور علاقوں میں ثقافتی پروگراموں کا انعقاد کیا جائے گا پشتون نوجوانوں روایتی پگڑیاں باندھ کر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 7)

سعودیہ سے جنگ نہیں، امریکا میں ہمت ہے تو ایرانی فوج کا سامنا کرے، مسعود پزشکیان

امریکی انسانیت پر یقین رکھتے ہیں تو لوگوں کو پانی، خوراک اور ادویات تک رسائی سے کیوں محروم کیا جا رہا

تہران (آن لائن) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایرانی عوام کبھی ہتھیار نہیں ڈالیں گے اور ایران کو دباؤ کے ذریعے تسلیم کرنے پر مجبور نہیں کیا جاسکتا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں مسعود پزشکیان نے امریکا کی جانب سے شہری تنصیبات، خوراک اور لوگوں کے روزگار کو نشانہ بنانے پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ اگر امریکا میں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 6)

بلوچستان کے عوام کی نئے صوبے کے قیام کی پرزور حمایت سامنے آگئی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے عوام کی نئے صوبے کے قیام کی پرزور حمایت بلوچستان کے مختلف علاقوں کے شہریوں نے نئے صوبے کے قیام کی حمایت کرتے ہوئے اسے عوامی سہولت اور ترقی کیلئے اہم قرار دیا نئے صوبوں کا قیام موثر انتظامیہ، متوازن ترقی اور ویلفیئر پر بنیا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 9)

صوبوں کی تقسیم سے انتظامی یونٹس یا بلدیاتی انتخابات کا معاملہ نکل سکتا ہے، رانا ثنا اللہ

صوبوں کی تقسیم کے حق میں ن لیگ کی جانب سے کوئی بڑی بات سامنے نہیں آئی

کچھ چیزیں غور و خوض کیلئے ہوتی ہیں، ہر چیز پبلک نہیں کرنی چاہیے، مشیر وزیراعظم

لاہور (آن لائن) وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ صوبوں کی تقسیم کا معاملہ پارلیمنٹ میں آیا تو ہر کوئی اپنی رائے دے گا، صوبوں کی تقسیم سے انتظامی یونٹس یا بلدیاتی انتخابات کا معاملہ نکل سکتا ہے۔ لاہور میں سینئر صحافیوں سہیل وڑائچ، مجیب الرحمان شامی، سلمان غنی، حفیظ اللہ نیازی اور سلیم بخاری سمیت دیگر سے گفتگو میں وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا ا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 10)

لاہور: شہری انارکلی چوک میں لگائے گئے سٹال پر کتابیں دیکھ رہے ہیں

ہمیں تشدد کے بجائے قلم، تباہی کے بجائے ترقی اور نفرت کے بجائے امن کا راستہ اختیار کرنا ہوگا، میر ضیاء لانگو

بندوق کے زور پر مذاکرات کسی صورت نہیں ہوں گے، وزیر داخلہ بلوچستان

تعلیم حاصل کریں اور پارلیمانی و جمہوری جدوجہد کے ذریعے ملک اور قوم کی تقدیر بدلنے میں اپنا کردار ادا کریں

ہمیں آنے والی نسلوں کے لیے ایک ایسا بلوچستان اور پاکستان تشکیل دینا ہوگا جہاں امن، تعلیم، روزگار، ترقی اور خوشحالی ہو

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ ہمیں تشدد کے بجائے قلم، تباہی کے بجائے ترقی اور نفرت کے بجائے امن کا راستہ اختیار کرنا ہوگا حکومت نے کبھی مذاکرات سے انکار نہیں کیا تاہم بندوق کے زور پر مذاکرات کسی صورت نہیں ہوں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہمیں اب اس بحث سے نکلنا ہوگا کہ مذاکرات کس سے ہونے چاہئیں اور کس سے نہیں، بلکہ اپنی توجہ بلوچستان اور پاکستان کی ترقی، امن، خوشحالی اور عوام کے بہتر مستقبل پر مرکوز کرنا ہوگی ہمیں مل کر دہشت (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کوئٹہ: صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

بہتر فضائی رابطہ کاروباری، ثقافتی اور عوامی روابط کے فروغ کیلئے اہم ہے، بنگلادیشی صدر میرزا فخر الاسلام عالمگیر

پاکستان، بنگلہ دیش تعلقات میں مثبت پیش رفت، تعاون بڑھانے پر اتفاق

بنگلہ دیشی صدر کی جلد پاکستان آمد کی خواہش، براہ راست فضائی رابطوں، صحت، تعلیم اور تجارت میں تعاون پر گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان دوطرفہ تعلقات میں مثبت پیش رفت سامنے آئی ہے۔ پاکستانی ہائی کمشنر عمران حیدر نے بنگلہ دیشی صدر میرزا فخر الاسلام عالمگیر سے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ تعلقات اور مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ پر تبادا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 12)

چمن پولیس کے متعدد آفیسران اور اہلکاروں کو شہریوں سے مبینہ طور پر رشوت خوری اور تنگ کرنے کے الزام پر معطل

کوئٹہ (آن لائن) آئی جی پولیس بلوچستان کی ہدایت پر چمن پولیس کے متعدد آفیسران اور اہلکاروں کو شہریوں سے مبینہ طور پر رشوت خوری اور تنگ کرنے کے الزام پر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 29)

سپیشل کمیونیکیشن آرگنائزیشن کا گلگت بلتستان میں فائیو جی سروس کا کامیاب تجربہ

گلگت (آن لائن) سپیشل کمیونیکیشن آرگنائزیشن (ایس سی او) نے گلگت بلتستان میں فائیو جی سروس کا کامیاب تجربہ کیا ہے۔ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 16)

القاعدہ کیخلاف بین الاقوامی مہم میں سب سے نمایاں کامیابیاں پاکستان کی کوششوں اور فعال تعاون سے حاصل کی گئیں

پاکستان کا دہشتگردی کے خلاف جامع اور دوراندیش بین الاقوامی ردعمل کا مطالبہ

عام شہریوں سمیت 90 ہزار سے زائد پاکستانی دہشت گردی کا نشانہ بن کر اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں، عاصم افتخار کی گفتگو

نیویارک (آن لائن) پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف نئے، جامع اور دوراندیش بین الاقوامی ردعمل کا مطالبہ کرتے ہوئے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل پر زور دیا ہے کہ وہ دہشت گردی کے ابھرتے ہوئے خطرات سے نمٹنے کے لیے اپنے انسداد دہشت گردی کے ڈھا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 25)

ہانگ کانگ کی مالیات، ہوابازی اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی میں مہارت سے استفادہ کرنا چاہتے ہیں، جام کمال

وزیر تجارت کا ہانگ کانگ جنرل چیمبر آف کامرس کا دورہ، پاکستانی کمیونٹی سے بھی ملاقات

ہانگ کانگ (آن لائن) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے ہانگ کانگ جنرل چیمبر آف کامرس کا دورہ کیا اور ہانگ کانگ جنرل چیمبر آف کامرس کے چیئرمین اور کاروباری رہنماؤں سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان اور ہانگ کانگ کے درمیان تجارتی و سرمایہ کاری تعلقات کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں ممالک کی کاروباری برادریوں کے درمیان براہ راست روابط بڑھانے پر زور دیا گیا۔ جام کمال نے کہا کہ ہانگ کانگ کی مالیات، ہوابازی اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی میں مہارت سے استفادہ کرنا چاہتے ہیں، بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو باہمی تعاون، را (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 24)

ملائیشین وزیراعظم کا پاکستان پر دہشتگردی کا الزام ماننے سے صاف انکار

فلسطین پر اسرائیلی قبضے اور نہتے عوام پر جاری بمباری کی شدید الفاظ میں مذمت

نئی دہلی (آن لائن) بھارتی صحافی کا وار خالی گیا ملائیشین وزیراعظم انور ابراہیم نے پاکستان پر دہشت گردی کا الزام ماننے سے صاف انکار کر دیا۔ برکس اجلاس کیلئے بھارت میں موجود ملائیشیا کے وزیراعظم انور ابراہیم کے بھارتی میڈیا کو دیے جانے والے ایک انٹرویو کے دوران میزبان نے پہلگام واقعے کا حوالہ دے کر پاکستان پر ریاستی دہشت گردی کا الزام لگوانا چاہا تو انور ابراہیم نے ایسا کرنے سے صاف اور دوٹوک انکار کر دیا۔ انور ابراہیم نے کہا کہ بحیثیت وزیراعظم ان حقائق پر بات کر سکتے ہیں، جو ریاستی اداروں نے دیے، ملائیشیا کے نمائ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 23)

پیٹرولیم لیوی کے نام پر عوام سے وصول کیا جانے والا بھتہ قبول نہیں، حافظ نعیم الرحمن

پٹرولیم لیوی کا بوجھ طالب علم، مزدور، کسان، دیہاڑی دار سمیت ہر شہری برداشت کر رہا ہے، ثمینہ سعید

جماعت اسلامی ظلم، استحصال، ناانصافی کی نظام تبدیلی کیلئے جدوجہد کر رہی ہے، عفت سجاد و دیگر کا خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ پٹرولیم لیوی کے نام پر عوام سے وصول کیا جانے والا بھتہ ٹیکس ناقابل قبول ہے اس کو ختم نہ کیا گیا تو جماعت اسلامی کی تحریک حکومت گراؤ تحریک میں تبدیل ہو سکتی ہے، حکمران اپنی عیاشیاں، شاہانہ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 22)

URAAN PAKISTAN

حکومت پاکستان

مشرق وسطی میں جنگ کے باعث پٹرول کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کا بوجھ کم کرنے کے لیے

مہنگے پٹرول سے نجات کا تاریخی اقدام

مزید معلومات کے لیے
www.pmfuelrelief.pk
وزٹ کریں یا QR اسکین کریں

وزیراعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم

پٹرول 100 روپے فی لیٹر سستا

پہلا مرحلہ: رجسٹریشن کا طریقہ کار

REG <CNIC> <Plate No> <Province Code> <Registration Date>

- اپنے موبائل کے میسج میں رجسٹر REG لکھ کر (space) دیں
- اپنا شناختی کارڈ نمبر لکھ کر (space) دیں
- گاڑی کا رجسٹریشن نمبر لکھیں (space) دیں
- صوبہ: صوبے کے نام کا پہلا حرف لکھ کر (space) دیں
- رجسٹریشن کی تاریخ: DDMMYYYY لکھ کر

Islamabad	I
AJK	A
GB	G
Sindh	S
Punjab	P
KPK	K
Balochistan	B

9771 پر بھیج دیں۔

رجسٹریشن مکمل ہونے پر تصدیقی میسج موصول ہوگا۔

دوسرا مرحلہ: ٹوکن لینے کا طریقہ

رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے
پٹرول پمپ جانے سے پہلے

TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں۔

موصول ہونے والے میسج میں
ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور
ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہوگی۔

تیسرا مرحلہ: رعایتی پٹرول کا حصول

ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی
قیمت پر پٹرول حاصل کرسکتے ہیں۔

موٹر سائیکل، چنگچی، رکشہ اور تین پہیوں والی سواریاں چلانے والے

جن کی رجسٹریشن یکم جنوری 2011 کے بعد ہوئی ہو، انہیں ماہانہ 20 لیٹر تک پٹرول پر ریلیف ملے گا۔

800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان

جن کی رجسٹریشن یکم جنوری 2006 کے بعد ہوئی ہو، انہیں ماہانہ 30 لیٹر تک پٹرول پر ریلیف ملے گا۔

ملک بھر میں رجسٹریشن کا آغاز کر دیا گیا ہے

- اسلام آباد کے صارفین 14 اور 15 ستمبر کی درمیانی شب 12 بجے سے پٹرول پر ریلیف حاصل کرسکیں گے۔
- ملک بھر بشمول آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں 16 اور 17 ستمبر کی درمیانی شب 12 بجے سے پٹرول پر ریلیف حاصل کیا جاسکے گا۔

PID No. (I) 2461-D/26

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

پاکستان اور بنگلہ دیش کے دوطرفہ تعلقات

پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان دوطرفہ تعلقات میں مثبت پیش رفت سامنے آئی ہے۔ پاکستانی ہائی کمشنر عمران حیدر نے بنگلہ دیشی صدر میرزا فخرالاسلام عالمگیر سے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ تعلقات اور مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران بنگلہ دیشی صدر نے صدر مملکت آصف علی زرداری کی جانب سے تہنیتی پیغام پر شکریہ ادا کیا اور جلد پاکستان کا دورہ کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ دونوں جانب سے صحت، سائنس وٹیکنالوجی اور ثقافتی شعبوں میں بڑھتے تعاون پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ پاکستانی ہائی کمشنر نے بتایا کہ پاکستان بنگلہ دیش علمی راہداری کے تحت تقریباً 200 بنگلہ دیشی طلبہ پاکستانی جامعات میں زیر تعلیم ہیں، جبکہ پاکستانی ماہرین بنگلہ دیشی طبی عملے کو اعضا کی پیوندکاری کی تربیت بھی فراہم کر رہے ہیں۔ عمران حیدر نے کہا کہ بنگلہ دیش سے پاکستان آنے والے طبی سیاحت کے رجحان میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ ملاقات میں پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان براہ راست فضائی رابطے اور پروازوں کی تعداد بڑھانے پر بھی گفتگو ہوئی۔ بنگلہ دیشی صدر نے کہا کہ بہتر فضائی رابطہ کاروباری، ثقافتی اور عوامی روابط کے فروغ کے لیے اہم ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان ادویہ سازی، سیرامکس اور زراعت کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے اختتام پر پاکستان اور بنگلہ دیش نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا اور موجودہ مثبت پیش رفت کو آگے بڑھانے کے لیے مسلسل روابط برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 01

عظم وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار کے ہمراہ [illegible] کی اور خطے میں امن کے قیام کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔ شہباز شریف نے موجودہ بحران کے دوران دانشمندانہ اور دوراندیش قیادت پر سعودی ولی عہد کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کے لیے اپنی نیک خواہشات اور دلی احترام کا بھی اظہار کیا۔ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے سعودی عرب کے لیے پاکستان کی مسلسل اور ثابت قدم حمایت اور خطے میں امن و استحکام کے لیے پاکستان کی کوششوں کو سراہا۔ دونوں رہنماؤں نے قریبی رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق کیا اور جلد ملاقات کی خواہش کا اظہار کیا۔

بقیہ 02

پذیرائی 26 سے 28 اگست 2026 کو کمبوڈیا کے دارالحکومت نوم پنہ میں منعقد ہونے والی دوسری بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس (ISC-2) میں ان کی قیادت اور فعال کردار کے اعتراف میں کی گئی۔ آئی ایس سی کے سیکرٹری جنرل معزز ایک ناتھ ڈھکال نے چیئرمین سینیٹ کے نام اپنے خط میں، آئی ایس سی اور سینیٹ آف کمبوڈیا کے صدر سامدیک اکا موہا سینا پاڈی تیچو ہن سین کی جانب سے کانفرنس میں ان کی شرکت اور گراں قدر کردار پر اظہار تشکر کیا۔ خط میں سید یوسف رضا گیلانی کو بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس کے بانی چیئرمین کی حیثیت سے بھی خراج تحسین پیش کیا گیا۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی پارلیمانی سفارت کاری امن، مکالمے، باہمی افہام وتفہیم، تنازعات کے پرامن حل اور اقوام کے مابین تعاون کے فروغ پر مبنی ہے۔ دنیا بھر کے اسپیکرز، پارلیمانی سربراہان اور پارلیمانی رہنماؤں کے ساتھ ان کے مسلسل روابط نے روایتی سفارتی ذرائع سے ہٹ کر پارلیمان سے پارلیمان کے درمیان روابط اور ادارہ جاتی تعلقات کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ دوسری بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس امن اور مشترکہ خوشحالی کے لیے یکجہتی بین الاقوامی قانون کے استحکام اور تنازعات کے پرامن حل کے لیے اقدامات کے موضوع کے تحت منعقد ہوئی، جس میں مختلف ممالک کے پارلیمانی رہنماؤں نے امن، بین الاقوامی تعاون اور تنازعات کے پرامن حل سمیت اہم عالمی امور پر غور کیا۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کانفرنس کے پلیٹ فارم سے پاکستان کے مکالمے، کثیرالجہتی تعاون اور بین الاقوامی قانون کے احترام کے عزم کا اعادہ کیا۔ بین الپارلیمانی اسپیکرز کانفرنس کے بانی چیئرمین کی حیثیت سے سید یوسف رضا گیلانی نے پارلیمان سے پارلیمان کے درمیان سفارت کاری کو عالمی سطح پر افہام وتفہیم اور باہمی تعاون کے فروغ کا مؤثر ذریعہ بنانے کے لیے مسلسل کردار ادا کیا ہے۔ ان کی فعال پارلیمانی سفارت کاری سے عالمی پارلیمانی فورمز پر پاکستان کی آواز اور مؤقف کو مؤثر انداز میں اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ مختلف ممالک کے ساتھ پاکستان کے پارلیمانی روابط اور شراکت داری بھی مزید مستحکم ہوئی ہے۔ آئی ایس سی کی جانب سے چیئرمین سینیٹ کی کاوشوں کو سراہا جانا پارلیمانی سفارت کاری کے میدان میں ان کے اہم کردار کا اعتراف ہے اور یہ پاکستان کے تعمیری کثیرالجہتی تعاون، امن اور مشترکہ خوشحالی کے عزم کی بھی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ 03

صورتحال اور نئے صوبوں سے متعلق امور پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں نواز شریف کی ہدایت پر وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے کم آمدنی والے طبقے کو پٹرولیم مصنوعات پر ریلیف دینے کے اعلان کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں صوبوں اور انتظامی یونٹس کے معاملے پر پارلیمنٹ میں بحث کے فیصلے کا خیر مقدم کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق شرکا نے اس بات پر اتفاق کیا کہ عوام کی خواہشات کو مدنظر رکھتے ہوئے قومی مفاد کے تحت فیصلے کیے جائیں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس میں پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کے درمیان سیاسی اختلافات کے خاتمے کے لیے باہمی رابطے جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 04

یراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ تیل کی قیمتوں میں اضافے سے پڑنے والے بوجھ کا حکومت کو پورا احساس ہے، عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، خصوصی ریلیف سکیم کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور 800 سی سی تک گاڑی استعمال کرنے والوں کے لیے پیٹرول پر فی لیٹر 100 روپے کا ریلیف دیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ تیل کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے عوام پر پڑنے والے بوجھ کا حکومت کو پورا احساس ہے، مشکل کی اس گھڑی میں ہم عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور چھوٹی گاڑیاں استعمال کرنے والوں پر تیل کی قیمتوں میں اضافے سے پڑنے والے بوجھ کو کم کرنے کے لیے خصوصی سکیم کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ خصوصی ریلیف سکیم کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور 800 سی سی تک گاڑی استعمال کرنے والوں کے لیے پیٹرول پر فی لیٹر 100 روپے کا ریلیف دیا جائے گا۔ اسی طرح چھوٹی گاڑیوں یعنی 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے مالکان کو ماہانہ تیس لیٹر پیٹرول پر 100 روپے فی لیٹر کا ریلیف فراہم کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ اسلام آباد کی حدود میں اسکا اطلاق آئندہ پیر اور منگل کی درمیانی شب کر دیا جائیگا جبکہ پورے پاکستان میں بشمول کشمیر اور گلگت بلتستان، اسکا اطلاق بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب میں کیا جائیگا۔ اس خصوصی ریلیف سکیم کی رجسٹریشن کا اجراء آج سے کر دیا گیا ہے، جس کے طریقہ کار کو آگاہی مہم کے ذریعے عوام تک پہنچایا جائے گا۔ سکیم میں رجسٹریشن کیلئے موٹر سائیکل، رکشہ اور چھوٹی گاڑیوں کی معلومات فراہم کرنے کے حوالے سے تعاون پر صوبوں کے شکر گزار ہیں۔

بقیہ 05

ٹیلی کام کمپنیوں کے تعاون سے گاڑیوں کی تصدیق اور سبسڈی کی فراہمی کے لیے خودکار نظام تیار کیا ہے، جس کا مقصد مستحق شہریوں تک شفاف انداز میں ریلیف پہنچانا ہے۔ اسکیم کے تحت موٹر سائیکل اور چنگچی رکشوں کے لیے ماہانہ 20 لیٹر جبکہ 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے لیے ماہانہ 30 لیٹر پٹرول پر رعایت مقرر کی گئی ہے۔ متن کے مطابق شہری اپنے نام پر رجسٹرڈ موبائل نمبر سے مخصوص ایس ایم ایس کے ذریعے رجسٹریشن کرا سکیں گے۔ رجسٹریشن کے لیے شناختی کارڈ نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، صوبائی کوڈ اور گاڑی کی رجسٹریشن کی تاریخ فراہم کرنا ہوگی۔ کامیاب رجسٹریشن کی صورت میں شہری کو تصدیقی پیغام موصول ہوگا۔ رعایتی پٹرول حاصل کرنے کے لیے شہریوں کو پٹرول پمپ جانے سے قبل موبائل فون سے TOK لکھ کر 9771 پر پیغام بھیجنے اور موصول ہونے والا قابل قبول ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھانے کا طریقہ کار بھی بتایا گیا ہے۔ فراہم کردہ شیڈول کے مطابق اسلام آباد میں رعایتی پٹرول کی فراہمی پیر اور منگل کی درمیانی شب سے جبکہ ملک کے دیگر علاقوں میں بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب سے شروع ہونے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ حکومت کے مطابق خصوصی ریلیف اسکیم کا مقصد موجودہ معاشی حالات میں محنت کش طبقے پر پٹرول کی بڑھتی قیمتوں کا بوجھ کم کرنا اور سبسڈی کی فراہمی کو جدید ڈیجیٹل نظام کے ذریعے شفاف بنانا ہے۔

بقیہ 06

ہمت ہے تو ایرانی فوج کا سامنا کریں، شہری بنیادی ڈھانچے اور خوراک کو کیوں نشانہ بنایا جا رہا ہے؟ ایرانی صدر نے بنیادی ضروریات تک رسائی محدود کرنے پر بھی امریکا کو تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ اگر امریکی انسانیت پر یقین رکھتے ہیں تو لوگوں کو پانی، خوراک اور ادویات تک رسائی سے کیوں محروم کیا جا رہا ہے۔ ایران کے صدر مسعود پزشکیان کا کہنا ہے کہ ایران سعودی عرب کے ساتھ حالت جنگ میں نہیں ہے، حوثیوں کے اپنے مسائل ہیں، خطے کے تمام ممالک کو ایک میز پر بیٹھ کر خطے میں امن اور سلامتی قائم کرنی چاہیے۔ مسقط میں آبنائے ہرمز پر ایران اور عمان کے درمیان متوقع معاہدے کے بارے میں ایرانی صدر نے کہا کہ اجلاس میں وہ تمام ممالک شریک ہوں گے جن کی سرزمین سے ایران پر حملہ کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا ہے کہ ایران اپنے بین الاقوامی حقوق چاہتا ہے، جنگ نہیں اب بھی امن کو ترجیح دیتے ہیں، امریکا، اسرائیل اور یورپی ممالک چاہتے ہیں علاقے میں کوئی ملک آزاد نہ رہے۔ ادھر ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے انڈیا ٹوڈے کو بتایا کہ خدا کا شکر ہے کہ ہمارے رہبر اعلیٰ زندہ ہیں اور پہلے کی طرح نظام کے اندر اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ دشمن ان کے ٹھکانے کا سراغ لگانے میں ناکام رہا ہے، اسی لیے مختلف قسم کی قیاس آرائیاں کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ دشمن ہمارے موجودہ رہبر اعلیٰ کے ساتھ بھی وہی کرنے کی کوشش کر رہا ہے جو اس نے سابق رہبر اعلیٰ کے ساتھ کیا تھا۔ مسعود پزشکیان نے امریکا اور اسرائیل پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ 'امریکا اور اسرائیل ایک شخص کے پورے خاندان کو قتل کر دیتے ہیں، ایک عمارت تباہ کر دیتے ہیں اور پھر یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ شخص دہشت گرد تھا، یہ اس دنیا میں جرائم کرنے کا ایک نیا طریقہ بن چکا ہے۔

بقیہ 07

تقریبات میں شرکت کریں گے اس موقع پر مختلف سٹالز بھی لگائے جائیں گے جن میں ان ثقافتی اشیاء کو رکھا جائے گا جن کا استعمال اب ختم ہو رہا ہے۔ تقریبات میں پشتون کلچر کے مختلف رنگ نمایاں کیے جائیں گے جن میں کشیدہ کاری سے مزین پوشاک، شادی بیاہ کے موقع پر استعمال ہونے والے خصوصی زیورات، خوراک، رہن سہن، ملبوسات، روایتی رقص شامل ہوں گے۔ پشتون کلچر ڈے ہر سال 23 ستمبر کو منایا جاتا ہے، پشتون کلچر ڈے نہ صرف رسم ورواج کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے بلکہ اتحاد، امن اور اپنی شناخت پر فخر کرنے کا پیغام بھی دیتا ہے۔ پشتون ثقافت بہت کم دوسری ثقافتوں سے اثر انداز ہوئی اور پشتون ثقافت ان چند ثقافتوں میں سے ہے جو زیادہ تر اپنی اصل حالت میں برقرار ہے۔ پشتون کلچر ڈے درحقیقت پشتون قوم کے بھرپور ثقافتی ورثے، روایات اور اقدار کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے جو پشتونوں کی مہمان نوازی، بہادری اور اجتماعی خدمت کے جذبے کو اجاگر کرتا ہے۔

بقیہ 08

سیکرٹری آفاق خٹک کی ملاقات ہوئی۔ وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین بھی ملاقات میں موجود تھے۔ آصف جمال اور آفاق احمد خٹک کے بلامقابلہ انتخاب پر چوہدری شجاعت حسین نے مبارکباد دی۔ چوہدری شجاعت حسین نے سندھ مسلم لیگ کے نومنتخب صدر اور جنرل سیکرٹری کو تقرری کے نوٹیفکیشن بھی دیے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چوہدری شجاعت حسین نے کہا کہ سندھ کی ترقی اور محرومیوں کے خاتمے میں مسلم لیگ کا تاریخی کردار ہے، نومنتخب سندھ قیادت پرانے اور نئے کارکنوں کو ساتھ لے کر چلے۔ چوہدری سالک حسین نے یقین دلایا کہ سندھ کے کارکنوں اور عوام کے مسائل کے حل کے لیے نئی قیادت کو ہر ممکن تعاون فراہم کریں گے۔ چوہدری شجاعت حسین نے کہا کہ قومی اتفاق رائے اور مشاورت سے مسائل کا حل نکالا جائے، عوام کو بہتر طرز حکمرانی، بنیادی سہولیات اور فوری انصاف فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے، نئے صوبوں کا معاملہ سیاسی محاذ آرائی نہیں، قومی مشاورت سے حل ہونا چاہیے، نئے صوبوں کا فیصلہ سیاسی مفادات یا وقتی نعروں کے بجائے قومی مفاد میں کیا جائے، عوام کو کس انتظامی نظام سے زیادہ سہولت مل سکتی ہے، اصل سوال یہی ہے، چوہدری شجاعت حسین نے کہا کہ مؤثر، بااختیار اور مضبوط انتظامی یونٹس بھی انتظامی مسائل کا حل ہو سکتے ہیں، اختیارات نچلی سطح تک منتقل کرکے عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کیے جا سکتے ہیں، قومی معاملات کو اتفاق رائے سے حل کرنا ہوگا، سیاسی جماعتیں صف بندی کے بجائے مذاکرات کی میز پر بیٹھیں، قومی معاملات کو سیاسی انا سے بالاتر ہو کر دیکھنا ہوگا۔ چوہدری سالک حسین نے کہا کہ مضبوط صوبے، بااختیار ادارے اور مطمئن عوام ہی مضبوط پاکستان کی بنیاد ہیں۔ آصف جمال نے کہا کہ سندھ مسلم لیگ کو مضبوط اور مؤثر سیاسی قوت بنانے کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔ آفاق احمد نے یقین دلایا کہ قیادت اور کارکنوں کے اعتماد پر پورا اتریں گے۔

بقیہ 09

دی سہولیات کی ضمانت ہے۔ بلوچ طالب علم اور صحافی کا کہنا ہے کہ کوئٹہ کے بجائے انتظامی معاملات تک رسائی کیلئے گوادر اور مکران کو ملا کر نیا صوبہ بنانا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ گوادر کے مقامی رہائشی نے نئے صوبے کی اہمیت پر بات کرتے ہوئے کہا کہ اس اقدام سے معاشی لحاظ سے خودمختاری حاصل ہوگی، نئے صوبے کے قیام سے ساحلی علاقوں میں ترقی اور معاشی استحکام کو فروغ ملنے کی امید ہے، مقامی رہائشی لسبیلہ کے مقامی شہری کے مطابق، نئے صوبے کے قیام سے عوام کو دہلیز پر نئے مواقع میسر آئیں گے، جس سے انہیں آگے بڑھنے کا موقع ملے گا۔ اوتھل اور حب کے مقامی شہریوں نے نئے صوبوں کے قیام کو عوامی سہولت کے لیے اہم قرار دے دیا۔ نئے صوبے کے قیام سے عوام کو بہتر انتظامی رسائی، معاشی خودمختاری اور ترقی کے نئے مواقع میسر آنے کی امید ہے۔

بقیہ 10

اللہ نے کہا کہ نئے صوبوں کے پراجیکٹ پر مبینہ طور پر مسلم لیگ ن سے گفتگو ہوئی ہوگی، اگر پراجیکٹ بنانے والوں نے ن لیگ سے بات کی اور ہم نے اسے متعارف نہیں کروایا تو لٹھ لے کر کھڑے نہیں ہوسکتے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر ابھی بہت وقت ہے، صوبوں کی تقسیم کا معاملہ پارلیمنٹ میں آیا تو ہر کوئی اپنی رائے دے گا، صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر پارلیمانی یا اسٹینڈنگ کمیٹی بن سکتی ہے، صوبوں کے معاملے پر چھ سے آٹھ ماہ لگتے نظر آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کی تقسیم سے انتظامی یونٹس یا بلدیاتی انتخابات کا معاملہ نکل سکتا ہے، ن لیگ نے صوبوں کی تقسیم کا پراجیکٹ شروع نہیں کیا، ہماری لائن واضح ہے، پنجاب میں ن لیگ کی مقامی قیادت بہاولپور کو جنوبی پنجاب کے ساتھ نہیں لے جانا چاہتی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بہاولپور کو الگ صوبہ بنانے یا لاہور کے ساتھ رکھنے کی تجاویز موجود ہیں، صوبوں کی تقسیم کے حق میں ن لیگ کی جانب سے کوئی بڑی بات سامنے نہیں آئی، صوبوں کے معاملے پر پیپلز پارٹی کو سیاسی فائدہ ہوا، کینال پراجیکٹ پر صدر زرداری نے حمایت کی تھی، عوامی احتجاج کے بعد پراجیکٹ بند کروا دیا گیا۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے ساتھ پس پردہ گفتگو ہو رہی ہوگی، بانی پی ٹی آئی سے پس پردہ گفتگو اپنانے کی ایک قیمت ہے، قیمت چکانا پڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف مسلح ہو کر اسلام آباد آنے کی تیاری کر رہی ہے، فتنہ الخوارج مبینہ طور پر ہندوستان کے اسپانسرڈ ہیں، فتنہ الخوارج بانی پی ٹی آئی کی ریلی کو ٹارگٹ بنا کر حکومت اور عوام میں دوری پیدا کر سکتے ہیں، تحریک انصاف کا احتجاج لگے ٹوکری ہو جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ کابینہ یا سینیٹ میں بات کریں گے تو ان سے جواب لے لیں گے، وفاقی وزیر شیخ قیصر میرے سامنے ہر دوسرے دن شہباز شریف سے ملتے ہیں، شیخ قیصر کے اعتراضات یا شہباز شریف سے ملاقات نہ ہونے کی مجھے سمجھ نہیں آرہی۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ کچھ چیزیں غور و خوض کے لیے ہوتی ہیں، ہر چیز پبلک نہیں کرنی چاہیے۔

بقیہ 11

گردی، تشدد اور نفرت کو مسترد کرنا ہوگا جو عناصر ہمارے امن کو تباہ، عوام کو تقسیم اور معصوم جانوں کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں، ان کے عزائم کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا ہماری اصل طاقت اتحاد، تعلیم، محنت، شعور اور اپنے وطن سے محبت ہے نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ قلم کو اپنا ہتھیار بنائیں، تعلیم حاصل کریں اور پارلیمانی وجمہوری جدوجہد کے ذریعے ملک اور قوم کی تقدیر بدلنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کو دیکھیں جہاں عوام اپنی ریاست اور آئینی اداروں کے ساتھ کھڑے ہو کر ترقی کی منازل طے کر رہے ہیں دنیا میں ایسی کوئی مثال نہیں ملتی جہاں ریاست اور آئین کے خلاف ہتھیار اٹھانے والوں کے سامنے ریاستی نظام کو کمزور کیا گیا ہو مذاکرات کے دروازے ان لوگوں کے لیے کھلے ہیں جو پاکستان کے آئین اور ریاستی نظام کو تسلیم کرتے ہیں، تاہم بندوق، دہشت گردی اور تشدد کے ذریعے اپنی بات منوانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی ہمیں آنے والی نسلوں کے لیے ایک ایسا بلوچستان اور پاکستان تشکیل دینا ہوگا جہاں امن، تعلیم، روزگار، ترقی اور خوشحالی ہو۔

بقیہ 12

لہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران بنگلہ دیشی صدر نے صدر مملکت آصف علی زرداری کی جانب سے تہنیتی پیغام پر شکریہ ادا کیا اور جلد پاکستان کا دورہ کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ دونوں جانب سے صحت، سائنس وٹیکنالوجی اور ثقافتی شعبوں میں بڑھتے تعاون پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ پاکستانی ہائی کمشنر نے بتایا کہ پاکستان بنگلہ دیش علمی راہداری کے تحت تقریباً 200 بنگلہ دیشی طلبہ پاکستانی جامعات میں زیر تعلیم ہیں، جبکہ پاکستانی ماہرین بنگلہ دیشی طبی عملے کو اعضا کی پیوندکاری کی تربیت بھی فراہم کر رہے ہیں۔ عمران حیدر نے کہا کہ بنگلہ دیش سے پاکستان آنے والے طبی سیاحت کے رجحان میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ ملاقات میں پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان براہ راست فضائی رابطے اور پروازوں کی تعداد بڑھانے پر بھی گفتگو ہوئی۔ بنگلہ دیشی صدر نے کہا کہ بہتر فضائی رابطہ کاروباری، ثقافتی اور عوامی روابط کے فروغ کے لیے اہم ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان ادویہ سازی، سیرامکس اور زراعت کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے اختتام پر پاکستان اور بنگلہ دیش نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا اور موجودہ مثبت پیش رفت کو آگے بڑھانے کے لیے مسلسل روابط برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 13

کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 2 دہشت گردوں کو ہلاک کرکے ان کی گاڑی تباہ کردی۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق سیکورٹی فورسز کی جانب سے آپریشن ردالفتنہ ہند کے تحت فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ معلومات کی بناء پر وادی شیرناب کے قریب کردگاپ میں افغان خارجی کمانڈر نقیب عرف امیر کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران کارروائی کرتے ہوئے کمانڈر سمیت 2 خارجیوں کو ہلاک کرکے ان کی گاڑی تباہ کردی۔

بقیہ 14

کے شعبوں میں مجموعی طور پر 58 ارب ڈالر سرمایہ کاری متوقع ہے۔ نیپرا کے مطابق پلان میں 26 ہزار 45 میگاواٹ نئی پیداواری صلاحیت شامل کرنے کی تجویز ہے، جس میں 17 ہزار 485 میگاواٹ کمٹڈ اور 8 ہزار 560 میگاواٹ آپٹمائزڈ صلاحیت شامل ہوگی جبکہ 2 ہزار 577 میگاواٹ پرانی پیداواری صلاحیت ریٹائر کرنے کی تجویز بھی دی گئی ہے۔ نیپرا کا کہنا ہے کہ 2035 تک ملک کی مجموعی نصب شدہ پیداواری صلاحیت 62 ہزار 657 میگاواٹ تک پہنچنے کا امکان ہے جبکہ منصوبے میں 8 ہزار 120 میگاواٹ نیٹ میٹرنگ بھی شامل ہے۔ منصوبے کے تحت اضافی بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت پر 47 ارب ڈالر سے زائد لاگت متوقع ہے جبکہ ٹرانسمیشن منصوبوں کے لیے 10 ارب 65 کروڑ ڈالر درکار ہوں گے۔ ٹرانسمیشن نظام کی مضبوطی اور نئے گرڈ اسٹیشنز بھی منصوبے کا حصہ ہیں۔ نیپرا کے مطابق گوادر اور مکران کے لیے 40 میگاواٹ پاور پلانٹ کی گنجائش جبکہ دھابیجی میں 269 میگاواٹ ونڈ سولر ہائبرڈ منصوبہ بھی آئی ایس پی میں شامل کیا گیا ہے۔ نیپرا نے 90 کروڑ ڈالر کے بیٹری انرجی اسٹوریج منصوبے کی منظوری نہیں دی اور نیپرا کے مطابق بیٹری اسٹوریج منصوبوں کے لیے جامع تکنیکی اور معاشی مطالعہ ضروری ہے۔ نیپرا ارکان نے انڈیپنڈنٹ سسٹم مارکیٹ آپریٹر کی جانب سے بڑے منصوبوں کی شمولیت اور اخراج پر سوالات بھی اٹھائے اور قومی توانائی منصوبہ بندی میں مشترکہ مفادات کونسل (سی سی آئی) کو نظرانداز کرنے پر بھی تحفظات کا اظہار کیا اور کہا کہ قومی بجلی پالیسی میں تبدیلی مشترکہ مفادات کونسل کی منظوری کے بغیر نہیں ہوسکتی۔ چیئرمین نیپرا سمیت تینوں ارکان نے فیصلے میں اختلافی آراء بھی دیں تاہم پلان کی منظوری دے دی گئی۔ اختلافی نوٹ اور آراء مشترکہ مفادات کونسل کی منظوری کے بغیر پلان کی شمولیت اور اخراج سے متعلق ہے۔

بقیہ 15

رہے امریکا کو سات شرائط پیش کی ہیں تاہم ان شرائط کی تفصیل ظاہر نہیں کی گئی۔ روسی میڈیا کے مطابق اتنا کہا گیا ہے کہ ایران نے امریکا پر واضح کیا ہے کہ شرائط پوری نہ ہوئیں تو آبنائے ہرمز نہیں کھولی جائے گی۔ ایران کی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ تہران پیر کو مسقط میں اجلاس کی میزبانی کرے گا جس میں عراق اور خلیجی ممالک کے مندوبین بھی شرکت کریں گے۔ ان ممالک کو دعوت دینے کا مقصد انہیں نئے رستے کی تفصیل اور ٹرانزٹ کے انتظامات سے آگاہی دینا بتایا گیا ہے۔ ایران اور عمان کے درمیان طے معاہدے کے تحت خلیج فارس میں داخلہ رستہ مکمل طور پر ایرانی پانیوں سے گزرے گا اور خلیج فارس سے خارجی رستہ جزوی طور پر ایرانی پانیوں سے گزرے گا۔ یہ ٹرانزٹ ایرانی پروٹوکول کے تحت ہوگا، جنوبی رستہ جسے کھولنے پر امریکا اصرار کر رہا ہے وہ بند کر دیا جائے گا۔

بقیہ 16

ایس سی او کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق جی فائیو سروس کا کامیاب تجربہ گزشتہ روز کیا گیا جس کے بعد گلگت بلتستان میں تیز رفتار انٹرنیٹ ٹیکنالوجی کے نئے مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے۔ اعلامیے کے مطابق جی فائیو سروس کے آغاز سے گلگت بلتستان میں انفارمیشن ٹیکنالوجی، ای کامرس، آن لائن تعلیم، ٹیلی میڈیسن، سیاحت اور ڈیجیٹل انٹرپرینیورشپ سمیت مختلف شعبوں میں نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ ایس سی او کے مطابق اس پیش رفت سے بالخصوص خطے کی نوجوان آبادی کو فائدہ پہنچنے کی توقع ہے جہاں تیز رفتار انٹرنیٹ کی دستیابی ڈیجیٹل شعبے سے وابستہ سرگرمیوں کیلئے نئے امکانات پیدا کرے گی۔ گلگت بلتستان میں جی فائیو سروس کی آزمائش کو خطے میں ڈیجیٹل رابطوں کی ترقی کی جانب اہم قدم قرار دیا گیا ہے، اس سے جدید تیز رفتار انٹرنیٹ ٹیکنالوجی تک رسائی کے حوالے سے خطے میں ایک نئی پیش رفت سامنے آئی ہے۔ گلگت بلتستان میں جی فائیو سروس کی پیش رفت اس مطالبے کے بعد سامنے آئی ہے جو رواں سال ملک بھر میں جی فائیو سروس کے آغاز کے دوران زور پکڑ گیا تھا۔ ملک میں جی فائیو ٹیکنالوجی کے رول آؤٹ کے وقت گلگت بلتستان کو نئی ٹیکنالوجی میں شامل کیے جانے سے متعلق سوالات اٹھائے گئے تھے، اب ایس سی او کی جانب سے گلگت میں جی فائیو سروس کا کامیاب تجربہ خطے میں جدید موبائل انٹرنیٹ ٹیکنالوجی کی دستیابی کے حوالے سے اہم پیشرفت ہے۔ ایس سی او کے اعلامیے میں خاص طور پر خطے کے نوجوانوں کیلئے پیدا ہونے والے مواقع کو اجاگر کیا گیا ہے۔ جی فائیو سروس کی دستیابی سے آن لائن تعلیم، ڈیجیٹل انٹرپرینیورشپ اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں کام کرنے والوں کو تیز رفتار انٹرنیٹ کنیکٹیویٹی میسر آ سکے گی۔ اسی طرح ای کامرس، ٹیلی میڈیسن اور سیاحت کے شعبوں میں بھی جدید انٹرنیٹ ٹیکنالوجی کے ذریعے نئے مواقع پیدا ہونے کی توقع ظاہر کی گئی ہے۔

بقیہ 17

نے امدادی کارروائیوں کے ذریعے ریسکیو آپریشن کے دوران بحفاظت نکال لیا، نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا، نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئیں۔

بقیہ 18

سطح پر پہنچ گئی۔ ریکارڈ کارگو کے ساتھ کراچی پورٹ پر گزشتہ مالی سال 2 ہزار 115 بحری جہازوں کی آمد ورفت بھی ریکارڈ کی گئی۔ عالمی سطح پر شپنگ روٹس متاثر ہوئے تو کراچی پورٹ کے لیے ٹرانس شپمنٹ کے نئے تجارتی مواقع پیدا ہوئے خلیجی تنازع کے دوران کراچی پورٹ پر ٹرانس شپمنٹ سرگرمیوں میں اضافہ ہوا اور بحران کو تجارتی موقع میں تبدیل کیا گیا۔ پاکستان کے تقریباً 60 فیصد کارگو کا انحصار کراچی پورٹ سے منسلک تجارتی نظام پر ہے جو بندرگاہ کی قومی اہمیت واضح کرتا ہے۔ میری ٹائم ٹاسک فورس کے اقدامات اور عالمی کسٹمز ٹرانزٹ نظام سے وسطی ایشیا سمیت دیگر ممالک تک پاکستانی کارگو کی ترسیل مزید آسان ہو رہی ہے، بہتر بندرگاہی کارکردگی، ٹرانس شپمنٹ اور علاقائی رابطوں میں بہتری پاکستان کو خطے کے اہم تجارتی اور لاجسٹکس مرکز بنا رہا ہے۔

بقیہ 19

کے دوران غلام حسین کے قبضے سے رائفل، 2 میگزین اور بھاری مقدار میں راؤنڈ برآمد کرلی۔ اس کے علاوہ تھانہ ڈی ایس پی شہید جمیل کاکڑ کے عملے نے محمد ہاشم کے قبضے سے 1 کلو 20 گرام چرس برآمد کرکے قبضے میں لی اور 6 گاڑیوں سے کالے شیشے اتارے 22 بغیر نمبر پلیٹ کے موٹر سائیکلوں کے خلاف کارروائی کی۔ ایس ایچ او سول لائن نے میرواکس اور عبدالحق سے 2 موٹر سائیکلیں برآمد کرلیں۔ تھانہ پشتون آباد کے عملے نے شیر محمد کے قبضے سے ایک کلو 10 گرام چرس اور 200 نشہ آور گولیاں برآمد کرکے گرفتار کرلیا۔ تمام گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 20

ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری نے کہا کہ آج مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں سے ملاقات کرکے خوشی ہوئی۔ نوجوانوں کے مسائل سننے کے بعد معلوم ہوا کہ ان کے بیشتر مسائل چھوٹی سطح کے اور قابل حل ہیں، اس لیے سب سے پہلے نوجوانوں کے مسائل سننا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اپنے حلقہ انتخاب لسبیلہ یا جھل مگسی سمیت جہاں بھی جاتے ہیں، نوجوانوں سے ملاقات کرکے ان کے مسائل سنتے اور ان کے حل کے لیے کوشش کرتے ہیں۔ یوتھ پالیسی سمیت دیگر پالیسیوں کو آگے بڑھانے میں نوجوانوں کا کردار اور جدید ٹیکنالوجی انتہائی اہم ہے۔ زرین مگسی نے کہا کہ وہ خود بھی نوجوانی کے دور میں مشکل حالات سے گزر چکے ہیں، اس لیے نوجوانوں کو درپیش مشکلات کا بخوبی ادراک ہے۔ جہاں حالات سازگار ہیں وہاں نوجوانوں کو مثبت اور تعمیری سرگرمیوں میں مصروف رکھنا چاہیے۔ نوابزادہ زرین مگسی نے مزید کہا کہ وہ کوئٹہ کے منتخب نمائندے نہ ہونے کے باوجود نوجوانوں کے مسائل کو اپنا مسئلہ سمجھتے ہیں اور ان کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھیں گے۔

بقیہ 21

ی کے معاملے پر مذاکرات کا تیسرا دور پیر کو ہونا تھا، تاہم حکومت نے اب یہ مذاکرات منگل کو کرنے کی درخواست کی ہے۔ نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے بتایا کہ احسن اقبال نے وزیراعظم شہباز شریف کا پیغام پہنچایا ہے۔ وزیراعظم چاہتے ہیں کہ پٹرولیم لیوی کے معاملے پر مذاکرات منگل کو کیے جائیں۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی نے پٹرولیم لیوی اور آئی پی پیز کے معاملات پر حکومت سے مذاکرات کے لیے کمیٹی قائم کر رکھی ہیں جب کہ حکومت کی ان معاملات پر دو کمیٹیاں قائم ہیں۔ پٹرولیم لیوی پر مذاکرات منگل جبکہ آئی پی پیز کے معاملے پر مذاکرات بدھ کو ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی عوام پر عائد پٹرولیم لیوی کے خاتمے اور بجلی کے شعبے میں آئی پی پیز سے متعلق معاملات پر اپنا موقف مذاکرات میں پیش کرے گی۔ یاد رہے کہ اس سے قبل جماعت اسلامی اور حکومتی کمیٹیوں کے درمیان پٹرولیم لیوی پر مذاکرات کے دو دور ہو چکے ہیں، لیاقت بلوچ کی سربراہی میں جماعت اسلامی کی کمیٹی نے حکومت کو پٹرولیم لیوی کے خاتمے کے لیے جامع تجاویز دی ہیں جس پر حکومت کی جانب سے کوئی مدلل جواب نہیں آیا۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے واضح کیا ہے کہ مذاکرات کے نام پر ٹال مٹول قبول نہیں، حکومت پٹرولیم لیوی ختم کرے، ایسا نہ ہوا تو بیس ستمبر کو اسلام آباد مارچ ہوگا۔

بقیہ 22

طرف آئیں گے اور مختلف راستوں سے شہر میں داخل ہوکر لانگ مارچ کریں گے۔ حافظ نعیم الرحمن نے یہ بات آبپارہ چوک اسلام آباد میں جماعت اسلامی کے خواتین جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ قائم مقام سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان ثمینہ سعید نے کہا کہ پٹرولیم لیوی کا بوجھ طالب علم، مزدور، کسان اور دیہاڑی دار سمیت ہر شہری برداشت کر رہا ہے۔ پٹرول کی قیمت بڑھنے سے گھر کا چولہا، بچوں کی تعلیم اور بنیادی ضروریات متاثر ہوتی ہیں، جبکہ حکمران طبقہ مراعات اور شاہانہ اخراجات سے دستبردار ہونے کو تیار نہیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی 25 کروڑ عوام کا مقدمہ لڑ رہی ہے۔ ڈپٹی سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان عفت سجاد نے کہا کہ جماعت اسلامی کی جدوجہد صرف پٹرولیم لیوی کے خاتمے کے لیے نہیں بلکہ ظلم، استحصال اور ناانصافی کے نظام کی تبدیلی کے لیے ہے۔ خاموشی مسائل کا حل نہیں، تاریخ ان لوگوں کو یاد رکھتی ہے جو جبر کے سامنے حق کی آواز بلند کرتے ہیں۔ ڈپٹی سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان عائشہ سید نے کہا کہ پٹرولیم لیوی کا بوجھ رکشہ ڈرائیور، موٹر سائیکل سوار مزدور، طالب علم اور عام محنت کش برداشت کر رہے ہیں، یہ احتجاج عام عوام، محنت کشوں، نوجوانوں اور خاندانوں کی آواز ہے۔ ورکنگ ویمن کمیٹی کی نمائندہ منیزہ نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات پر ٹیکسوں کا بوجھ ان خواتین کے لیے بھی ایک بڑا سوال بن چکا ہے جو اپنے گھروں اور بچوں کو بہتر مستقبل کی ضمانت کے لیے روزانہ محنت کرتی ہیں۔ ناظمہ حلقہ خواتین جماعت اسلامی اسلام آباد قدسیہ ناموس نے کہا کہ اسلام آباد کی مائیں، بہنیں اور بیٹیاں حافظ نعیم الرحمن کی تحریک کے ساتھ ہیں۔ حکومت کا یہ موقف قابل قبول نہیں کہ پٹرولیم لیوی ختم نہیں کی جاسکتی، حکمران اپنی مراعات اور شاہانہ اخراجات کم کریں تو عوام کو ریلیف دیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 23

جنس اداروں نے بھی ایسی کوئی رپورٹ نہیں دی، جس میں ثابت ہو کہ پاکستان بھارت میں کسی ریاستی دہشت گردی میں ملوث ہے۔ انٹرویو کے دوران ملائیشین وزیراعظم نے فلسطین پر اسرائیلی قبضے اور نہتے عوام پر جاری بمباری کی شدید الفاظ میں مذمت بھی کی۔

بقیہ 24

بطہ کاری اور ٹرانزٹ روٹس کی ترقی کے وسیع مواقع فراہم کرتا ہے۔ جام کمال خان نے پاکستان اور ہانگ کانگ کے درمیان کاروباری وفود کے تبادلے کی ضرورت پر زور دیا اور کہا کہ ہانگ کانگ جنرل چیمبر اور پاکستان کے بڑے تجارتی اداروں کے درمیان تعاون بڑھایا جائے گا۔ ملاقات میں ایف پی سی سی آئی، کراچی اور لاہور چیمبرز کے ساتھ روابط بڑھانے کے امکانات پر بھی گفتگو کی گئی۔ وزیر تجارت نے کہا کہ مضبوط ادارہ جاتی اور کاروباری روابط تجارت وسرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کریں گے۔ جام کمال خان نے ہانگ کانگ میں پاکستانی کاروباری برادری اور کمیونٹی کے کردار کی تعریف کی۔ وفاقی وزیر تجارت نے پاکستان کلب میں ممتاز پاکستانی کاروباری اور کمیونٹی رہنماؤں سے بھی ملاقات کی۔ جام کمال خان نے کہا کہ پاکستانی کمیونٹی ہانگ کانگ میں اپنے روابط کے ذریعے پاکستان میں سرمایہ کاری کے فروغ میں کردار ادا کرے، سمندر پار پاکستانی پاکستان اور ہانگ کانگ کے درمیان تجارت وسرمایہ کاری کے فروغ کا مؤثر پل ہیں۔

بقیہ 25

عاصم افتخار احمد نے دہشت گردی کی کارروائیوں سے بین الاقوامی امن وسکیورٹی کو لاحق خطرات، نائن الیون کے 25 سال بعد دہشت گردی کے خلاف سلامتی کونسل کی لڑائی کی تجدید کے موضوع پر سلامتی کونسل میں خطاب کرتے ہوئے سات پاکستانیوں سمیت نائن الیون کے دہشت گرد حملوں کا نشانہ بننے والوں کو خراج تحسین پیش کیا اور امریکی حکومت اور عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ نائن الیون پر عالمی ردعمل کا ذکر کرتے ہوئے سفیر عاصم افتخار احمد نے کہا کہ ان حملوں کے نتیجے میں سلامتی کونسل نے فوری کارروائی کی، جس میں قرارداد 1373 کی منظوری بھی شامل ہے، جو آج اقوام متحدہ کے انسداد دہشت گردی فریم ورک کا ایک اہم جزو ہے۔ انہوں نے دہشت گردی کے خلاف عالمی جنگ میں پاکستان کے فرنٹ لائن کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی انسداد دہشت گردی کی کوششوں، انٹیلی جنس تعاون اور بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ سکیورٹی ہم آہنگی نے القاعدہ کی صلاحیتوں کو نمایاں حد تک کم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ القاعدہ کے خلاف بین الاقوامی مہم میں سب سے نمایاں کامیابیاں پاکستان کی انسداد دہشت گردی کی کوششوں اور فعال تعاون کے ذریعے حاصل کی گئیں۔ پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد نے زور دیا کہ پاکستان نے اس جنگ میں بہت بھاری قیمت چکائی ہے، رواں صدی کے آغاز سے اب تک سکیورٹی اور قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں اور عام شہریوں سمیت 90 ہزار سے زائد پاکستانی دہشت گردی کا نشانہ بن کر اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں، جب کہ اس کے ساتھ ساتھ مسلسل معاشی نقصانات بھی اٹھانے پڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سلامتی کونسل نے 25 سال قبل ہنگامی بنیادوں، اتحاد اور عزم کے ساتھ ردعمل دیا تھا، لیکن اس کے بعد سے دہشت گردی کے خطرے کی نوعیت بدل چکی ہے، دہشت گردی کا منظرنامہ اب تبدیل ہوکر نئی شکل اختیار کر چکا ہے اور نئے خطرات ابھر کر سامنے آئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بین الاقوامی انسداد دہشت گردی کے فریم ورک میں خامیوں کو دور کرنے کے لیے پابندیوں کے موجودہ نظام کو مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے انتہائی دائیں بازو کی شدت پسندی کے عروج، افریقہ، مشرق وسطیٰ اور افغانستان میں دہشت گردی کے مسلسل خطرے کے ساتھ ساتھ دہشت گردوں کے پروپیگنڈے، ذہن سازی، بھرتی، روابط اور مالی اعانت کے لیے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو بھی اجاگر کیا۔ افغانستان سے پنپنے والی دہشت گردی پر خاص تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گزشتہ تین برسوں کے دوران 4700 سے زائد پاکستانی دہشت گردی کی بھینٹ چڑھ چکے ہیں۔ انہوں نے ٹی ٹی پی، بی ایل اے، ای ٹی آئی ایم اور داعش سمیت دہشت گرد گروہوں کے خلاف مؤثر بین الاقوامی کارروائی کا بھی مطالبہ کیا۔ عاصم افتخار انہوں نے دہشت گردوں کی مالی اعانت کے لیے ڈارک ویب، ورچوئل اثاثوں اور کرپٹو کرنسیوں کے بڑھتے ہوئے استعمال سے بھی خبردار کرتے ہوئے کہا کہ قواعد وضوابط کی عدم موجودگی میں، یہ خطرہ یقینی طور پر کئی گنا بڑھ جائے گا۔ انہوں نے انسداد دہشت گردی کے لیے جامع نقطہ نظر پر زور دیا، جس میں اقوام متحدہ کی عالمی انسداد دہشت گردی کی حکمت عملی کے چاروں ستونوں پر متوازن عمل درآمد اور دہشت گردی کے بنیادی اسباب اور اس کے لیے سازگار حالات سے نمٹنے پر زیادہ توجہ دینا شامل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ غیر ملکی قبضے کی صورت حال میں بھی احتساب کا اطلاق ہونا چاہیے، اور کہا کہ قابض قوتوں کو جوابدہ ٹھہرایا جانا چاہیے اور انہیں اپنا حق خودارادیت استعمال کرنے والے عوام کے خلاف استثنیٰ کے ساتھ کارروائی کرنے کی اجازت نہیں دی جانی چاہیے۔ عاصم افتخار نے کہا کہ بین الاقوامی ردعمل کو دہشت گردی کے تیزی سے بدلتے ہوئے خطرے سے آگے رہنا چاہیے، دہشت گردی کے خلاف بین الاقوامی ردعمل کو تیز تر ہونا چاہیے، بلکہ تیزی سے ابھرتے ہوئے خطرے سے آگے ہونا چاہیے۔ انہوں نے سلامتی کونسل پر زور دیا کہ وہ اپنی ذمہ داری اٹھائے، اس بات کو یقینی بنائے کہ مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے، اور اس عالمی خطرے کے خلاف ایک متحد اور اجتماعی محاذ بنانے کے لیے بین الاقوامی تعاون اور علاقائی ہم آہنگی کو مضبوط کرے۔

بقیہ 26

واٹ تونسہ ہائیڈرو پاور منصوبے کی فیزیبلٹی اسٹڈی اخراجات کی ادائیگی کا دیرینہ معاملہ حل کر دیا گیا چائنا تھری گورجز ساؤتھ ایشیا انویسٹمنٹ لمیٹڈ کے اسسٹنٹ سی ای او لیو یونگ گانگ نے معاملے کے حل میں ایس آئی ایف سی کے تعاون کو سراہا تونسہ ہائیڈرو پاور منصوبے کا آغاز 2011 میں 120 میگاواٹ کی استعداد کے ساتھ کیا گیا بعد ازاں اسے 135 میگاواٹ منصوبے کے طور پر آگے بڑھایا گیا چینی کمپنی نے منصوبے کی فیزیبلٹی اسٹڈی مکمل کی، تاہم فیزیبلٹی اخراجات کی ادائیگی کا معاملہ طویل عرصے تک زیر التوا رہا۔ ایس آئی ایف سی کی بروقت کاوشوں اور وفاقی وصوبائی اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری سے معاملے کو کامیابی سے حل کیا گیا۔ اسسٹنٹ سی ای او کا معاملے کے حل سے پنجاب میں 135 میگاواٹ تونسہ ہائیڈرو پاور منصوبے پر مزید پیش رفت کی راہ ہموار ہوگی۔ اسسٹنٹ سی ای او ایس آئی ایف سی کی بروقت معاونت اور مؤثر رابطہ کاری سے سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ ہوا۔ اسسٹنٹ سی ای او ایس آئی ایف سی کے اقدامات سے طویل عرصے سے زیر التوا جائز معاہداتی معاملات کے حل اور پاک چین اقتصادی شراکت داری کو تقویت ملی۔ اسسٹنٹ سی ای او ایس آئی ایف سی کی مؤثر سہولت کاری سے پاکستان میں عالمی سرمایہ کاروں کا اعتماد اور کاروباری ماحول مزید مستحکم ہو رہا ہے۔

بقیہ 27

پاکستان کو رینکنگ میں بھی بڑا دھچکا، قومی ٹیم ایک درجہ تنزلی کے بعد دس ٹیموں کی رینکنگ میں نویں نمبر پر آ گئی۔ انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں وائٹ واش نے پاکستان کی ٹیسٹ کرکٹ میں مشکلات مزید بڑھا دی ہیں، دس ٹیموں پر مشتمل ٹیسٹ رینکنگ میں پاکستان کی یہ تاریخ کی بدترین پوزیشن ہے۔ قومی ٹیم نے گزشتہ 20 ٹیسٹ میچز میں صرف 7 کامیابیاں حاصل کی ہیں، جبکہ مسلسل خراب کارکردگی کے باعث رینکنگ میں بھی تنزلی کا سامنا کرنا پڑا۔ پاکستان کو گزشتہ 12 ٹیسٹ سیریز میں سے 6 میں وائٹ واش کا سامنا کرنا پڑا، جس کے باعث قومی ٹیم ٹیسٹ کرکٹ میں اپنی پوزیشن برقرار رکھنے میں ناکام رہی۔

بقیہ 28

ل بعد افغانستان ایک بار پھر القاعدہ کے لیے تربیتی مرکز بن رہا ہے۔ واشنگٹن پوسٹ کی خصوصی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ طالبان رجیم کے اقتدار میں آنے کے بعد القاعدہ نے افغانستان میں کم از کم 8 نئے تربیتی مراکز قائم کیے، طالبان رجیم نے القاعدہ اور دیگر دہشت گرد گروہوں کے لیے افغانستان میں ایک مایوس کن ماحول پیدا کر رکھا ہے۔ رپورٹ کے مطابق القاعدہ کے محفوظ ٹھکانے اور تربیتی کیمپ افغانستان کے مختلف علاقوں میں دوبارہ فعال ہو رہے ہیں، القاعدہ اور دیگر دہشت گرد تنظیموں نے افغانستان کے کم از کم 14 صوبوں میں قدم جما لیے ہیں۔ واشنگٹن پوسٹ کے مطابق افغانستان میں القاعدہ اب صرف پناہ گاہ نہیں بلکہ دیگر دہشت گرد گروہوں کو تربیت اور مشاورت فراہم کرنے کا کردار ادا کر رہی ہے، القاعدہ افغانستان میں ٹی ٹی پی سمیت دیگر گروہوں کو خفیہ کارروائیوں اور سکیورٹی کے حوالے سے تربیت دے رہی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ اقوام متحدہ کے مطابق افغانستان میں القاعدہ کے ارکان ٹی ٹی پی کے لیے خودکش حملہ آوروں کی تربیت بھی کر رہے ہیں، ٹی ٹی پی کے افغانستان میں تقریباً 7 ہزار جنگجو موجود ہونے کا اندازہ ہے جو پاکستان کے خلاف کارروائیاں کر رہے ہیں، ٹی ٹی پی نے افغانستان کے کم از کم 4 صوبوں میں کیمپ قائم کر رکھے ہیں، جن میں القاعدہ اور طالبان کے ملوث ہونے کی اطلاعات ہیں۔ واشنگٹن پوسٹ کے مطابق افغان سرزمین سے ٹی ٹی پی کے پاکستانی فوجی چوکیوں اور دیگر اہداف پر سینکڑوں سرحد پار حملوں کا انکشاف ہوا ہے، طالبان رجیم کے زیر اثر افغانستان ٹی ٹی پی کے لیے محفوظ پناہ گاہ اور پاکستان مخالف دہشت گردی کا اہم مرکز بن چکا ہے۔ رپورٹ کے مطابق افغانستان میں القاعدہ کے ساتھ داعش خراسان بھی اپنے نیٹ ورک کو وسعت دے رہی ہے، داعش خراسان نے تقریباً 2 ہزار جنگجو بھرتی کیے، شمالی افغانستان کو تربیت اور کارروائیوں کا مرکزی مرکز بنایا، افغانستان میں القاعدہ اور داعش خراسان سمیت مختلف جہادی تنظیموں کے قدم جمانے سے خطے کو نیا دہشت گردی کا خطرہ درپیش ہے۔ واشنگٹن پوسٹ کی رپورٹ میں واضح کیا گیا کہ طالبان رجیم کے اقتدار میں افغانستان میں دہشت گرد گروہوں کی سرگرمیوں کا دوبارہ منظم ہونا عالمی تشویش کا باعث بن رہا ہے، افغانستان میں القاعدہ اور داعش خراسان مقامی اور ہمسایہ ممالک سے نئے جنگجو بھرتی کرنے پر توجہ دے رہی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق امریکی انٹیلی جنس صلاحیتوں میں کمی کے باعث افغانستان میں نئے دہشت گرد تربیتی مراکز کی نگرانی مشکل ہوگئی، طالبان رجیم کے دعوؤں کے برعکس افغانستان میں القاعدہ، ٹی ٹی پی اور داعش خراسان کی موجودگی دہشت گردی کے مسلسل خطرے کی نشاندہی کرتی ہے۔ واشنگٹن پوسٹ کے مطابق افغانستان میں دہشت گرد نیٹ ورکس کی دوبارہ منظم ہوتی سرگرمیاں 9/11 کے بعد حاصل کی گئی کامیابیوں کے لیے نیا چیلنج ہیں، واشنگٹن پوسٹ کے مطابق افغانستان ایک بار پھر ایسا ماحول فراہم کر رہا ہے جہاں القاعدہ اور دیگر دہشت گرد گروہ اپنی صلاحیتیں بحال کر سکتے ہیں۔

بقیہ 29

معطل کرکے محکمانہ کارروائی شروع کردی گئی ہے بلوچستان پولیس کے ترجمان کے مطابق آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کی جانب سے محکمے میں خود احتسابی عمل پیرا ہو کر عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے بلوچستان کے سرحدی شہر چمن میں واقع بارڈر ہولڈنگ کیمپ اور ماسٹر پلان چوکی کے انچارج آفیسر جبکہ کوژک ٹاپ چوکی کے انچارج اور دیگر اہلکاروں کو عوامی شکایات کی روشنی میں مذکورہ آفیسران اور اہلکاروں کی جانب سے عوام کو بلا جواز طور پر تنگ کرکے ان سے رشوت طلب کرنے کے الزام میں معطل کرکے ان کے خلاف محکمانہ تحقیقات شروع کردی گئی ہے الزامات ثابت ہونے پر مذکورہ معطل کئے گئے آفیسران اور اہلکاروں کے خلاف سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 30

خزانہ کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف کے مشن کی ملک آمد کی تاحال کوئی تصدیق نہیں ہوئی اس لیے ہو سکتا ہے کہ آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات ورچوئل ہوں۔ ذرائع نے بتایا کہ آئی ایم ایف نے فی الحال پاکستان کے تمام اہداف پر اطمینان کا اظہار کیا ہے، آئی ایم ایف کے اطمینان کی بڑی وجہ پاکستان کی طرف سے بانڈز جاری کرنا ہے۔ ذرائع کے مطابق بجلی کا بڑھتا ہوا گردشی قرضہ حکومت کیلئے بڑا چیلنج ہو سکتا ہے، مذاکرات کے دوران گردشی قرض پر پاکستان کو سخت سوالات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اس کے علاوہ آئی ایم ایف نے سرکاری اخراجات میں کمی کی شرط عائد کر رکھی ہے، وفاقی حکومت نے سرکاری اخراجات میں کمی کیلئے اقدامات کا آغاز کر دیا ہے، جس کیلئے باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کیا گیا ہے۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ آئی ایم ایف کے ساتھ جون 2026 تک حاصل کیے گئے اہداف پر مذاکرات ہوں گے جبکہ رواں مالی سال کیلئے آئی ایم ایف نئے اہداف اور شرائط بھی بتائے گا۔

بقیہ 31

مطابق بین الاقوامی ٹریبونل کے فیصلے سے پاکستان کو غیر متوقع کامیابی حاصل ہوئی، ٹریبونل نے قرار دیا کہ ایسا اقدام نہیں ہونا چاہیے تھا۔ عالمی ٹریبونل کے فیصلے سے پاکستان کا بھارت پر پلڑا بھاری ہو گیا، دونوں ممالک کے درمیان جنگوں اور چپقلش کے باوجود سندھ طاس معاہدہ ہمیشہ برقرار رہا۔ جریدے کے مطابق 31 اگست کو مستقل ثالثی عدالت نے فیصلہ دیا کہ دلی کے پاس معاہدہ معطل کرنے کا کوئی قانونی جواز نہیں، عدالت نے کشمیر میں زنسکار ہائیڈرو پاور پروجیکٹ کی تعمیر محدود کرنے کا بھی حکم دیا۔ ساؤتھ چائنا مارننگ پوسٹ کے مطابق عدالت کے فیصلے سے پاکستان کے مؤقف کو مزید تقویت ملی، 5 رکنی پینل نے معاہدہ معطلی سے متعلق بھارتی دلائل کو متفقہ طور پر مسترد کر دیا۔ چینی اخبار کے مطابق بھارتی متنازع اقدام پر انٹرنیشنل ٹریبونل نے پاکستان کے حق میں واضح فیصلہ دیا ہے، یہ پاکستان کی سفارتی کامیابی ہے جس نے بھارتی ہتھکنڈوں کو ناکارہ کر دیا۔

بقیہ 32

صورتحال اور نئے صوبوں سے متعلق امور پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں نواز شریف کی ہدایت پر وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے کم آمدنی والے طبقے کو پٹرولیم مصنوعات پر ریلیف دینے کے اعلان کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں صوبوں اور انتظامی یونٹس کے معاملے پر پارلیمنٹ میں بحث کے فیصلے کا خیر مقدم کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق شرکا نے اس بات پر اتفاق کیا کہ عوام کی خواہشات کو مدنظر رکھتے ہوئے قومی مفاد کے تحت فیصلے کیے جائیں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس میں پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کے درمیان سیاسی اختلافات کے خاتمے کے لیے باہمی رابطے جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 33

کے حوالے سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وفد سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ زہری میں پائیدار امن کے قیام کے لیے صوبائی حکومت ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔ علاقائی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کے لیے قبائلی عمائدین کو بھی اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جھالاوان مزید سانحات اور افسوسناک واقعات کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ حکومت قیام امن کے لیے قبائلی عمائدین اور شہریوں کے ساتھ ہر ممکن تعاون کرے گی اور علاقے میں امن واستحکام کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ زہری میں تعلیم، صحت اور کاروباری سرگرمیوں کی بحالی میں مقامی عمائدین کو بڑھ چڑھ کر حصہ لینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ علاقے کے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع سمیت تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے بھی اقدامات کیے جائیں گے۔ صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت اور مقامی عمائدین کے باہمی تعاون سے زہری سمیت پورے جھالاوان میں امن، ترقی اور معمولات زندگی کی مکمل بحالی کو یقینی بنانے کی کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 34

مجسٹریٹ بلڈنگز (نوید بلوچ نے نیو سینٹرل روڈ) سی پیک روڈ (اور اے ون سٹی میں کارروائی کرتے ہوئے MCQ کی منظوری اور این او سی کے بغیر بلڈنگ کنٹرول قوانین کی خلاف ورزی پر تعمیر کی جانے والی 11 عمارتوں، پلازوں اور دکانوں کو سیل جبکہ 7 افراد کو گرفتار کرلیا۔ غیر قانونی تعمیرات کے بعض حصے مسمار بھی کیے گئے، جبکہ زرغون اور چلتن زون کے مانیٹرنگ سپروائزرز بھی کارروائی میں موجود رہے۔ واضح رہے کہ نیو سینٹرل روڈ) سی پیک روڈ (کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی جانب سے نو کنسٹرکشن زون قرار دیا جا چکا ہے، جہاں کسی بھی نئی تعمیر کی اجازت نہیں۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ شہریوں اور بلڈرز سے اپیل کرتا ہے کہ تعمیر شروع کرنے سے قبل تمام ضروری دستاویزات، و دیگر قانونی تقاضے مکمل کریں اور کسی بھی رہنمائی کے لیے متعلقہ دفتر سے رجوع کریں۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن واضح کرتا ہے کہ قانونی تعمیرات میں شہریوں کو ہر ممکن سہولت دی جائے گی، تاہم منظوری کے بغیر تعمیر، قواعد کی خلاف ورزی یا نو کنسٹرکشن زون میں تعمیر کسی صورت قابل قبول نہیں۔ خلاف ورزی کی صورت میں بلاامتیاز قانونی کارروائی جاری رہے گی۔

بقیہ 35

، زمین مالکان، ٹھیکیداروں اور دیگر متعلقہ افراد کے لیے ضلعی واٹر مینجمنٹ کمیٹی (DWC) سے باضابطہ این او سی (NOC) حاصل کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ بغیر اجازت زمین سے پانی نکالنے یا زرعی ٹیوب ویل چلانے کی اجازت نہیں ہوگی ڈپٹی کمشنر کی نے واضح کیا ہے کہ ان ہدایات کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز اور سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ 1978 کے واٹر ایکٹ کے تحت غیر قانونی طور پر زیر زمین پانی کا استعمال قابل تعزیر جرم ہے، جس کی سزا ایک سال تک قید، جرمانہ یا دونوں ہو سکتی ہیں۔ پبلک نوٹس میں مزید کہا گیا ہے کہ غیر قانونی سرگرمیوں میں استعمال ہونے والے ڈرلنگ مشینری، سولر پینلز، موٹرز، پائپس اور دیگر متعلقہ آلات کو فوری طور پر سرکاری تحویل میں لے کر ضبط کیا جائے گا۔ اس ضمن میں کسی قسم کی درخواست، سفارش یا اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا تمام متعلقہ محکموں، بالخصوص زراعت، آبپاشی، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اور پولیس کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ مذکورہ احکامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں۔ خلاف ورزی کی صورت میں ذمہ دار افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی ڈپٹی کمشنر کی جانب سے جاری نوٹس کے مطابق اس اقدام کا مقصد زیر زمین پانی کے ذخائر کا تحفظ، پانی کے غیر قانونی استعمال کی روک تھام اور ضلع میں آبی وسائل کے منظم و قانونی استعمال کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 36

نے کیک کاٹا، جبکہ یونیورسٹی کے اساتذہ، افسران، ملازمین اور طلباء نے انہیں تمغہ امتیاز کے حصول پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور بطور تحفہ یادگاری تحائف بھی پیش کیے۔ اس موقع پر شرکاء نے کہا کہ ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ کے لیے تمغہ امتیاز کا اعزاز نہ صرف ان کی ذاتی وپیشہ ورانہ کامیابی ہے بلکہ یونیورسٹی آف لورالائی، ضلع لورالائی اور بلوچستان کے لیے بھی باعث فخر ہے۔ ان کی تعلیمی، انتظامی اور تحقیقی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا گیا کہ قومی سطح پر یہ اعزاز حاصل کرنا نوجوان نسل کے لیے بھی ایک قابل تقلید مثال ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شرکاء نے کہا کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی کی بنیاد ہے اور ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ نے شعبہ تعلیم میں اپنی خدمات کے ذریعے نوجوانوں کو بہتر تعلیمی مواقع فراہم کرنے اور اعلیٰ تعلیم کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ان کی قیادت میں یونیورسٹی آف لورالائی میں تعلیمی وانتظامی معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے مختلف اقدامات جاری ہیں۔ وائس چانسلر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ نے اس موقع پر فیکلٹی، افسران، ملازمین اور طلباء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ اعزاز ان کی ذات کے ساتھ ساتھ ان تمام افراد کی محنت اور تعاون کا اعتراف ہے جو تعلیم کے فروغ اور یونیورسٹی کی ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔

بقیہ 01

حقدار نوجوانوں کے حق پر ڈاکا ڈالنے والوں کے خلاف خاموش نہیں بیٹھیں گے۔ میر جہانزیب مینگل نے مطالبہ کیا کہ محکمہ زراعت کی تمام آسامیوں کے عمل کی فوری اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں، میرٹ کے برخلاف ہونے والی تمام کارروائیوں کا نوٹس لیا جائے اور ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ وڈھ اور خضدار کے نوجوانوں کے حقوق پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اگر میرٹ پامال کیا گیا یا حقدار امیدواروں کو ان کے حق سے محروم کیا گیا تو اس معاملے کو اسمبلی سمیت ہر متعلقہ فورم پر بھرپور اور مؤثر انداز میں اٹھایا جائے گا۔

بقیہ 02

کر سکتا کیونکہ مزدور اپنا پسینہ بہا کر ہمارے لئے گھر اور عمارتیں تعمیر کرتے ہیں۔

بقیہ 03

مختلف مقامات سونارو اور وڈھ سٹی کے قریب قومی شاہراہ پر دھرنا دے کر ٹریفک کی آمد و رفت مکمل طور پر معطل کر دی تھی۔ ذرائع کے مطابق وڈھ سٹی اور سونارو کے مقامات پر مظاہرین نے احتجاج کے دوران لاشیں قومی شاہراہ پر رکھ کر سڑک کو ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند کر دیا تھا، جس کے باعث شاہراہ کے دونوں اطراف گاڑیوں کی طویل قطاریں لگ گئی تھیں اور سینکڑوں مسافر کئی گھنٹوں سے پھنسے ہوئے تھے۔ مظاہرین اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان مذاکرات کامیاب قومی شاہراہ کو تین گھنٹے بند رکھنے کے بعد کھول دیا گیا۔ صورتحال کے پیش نظر ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی ایس ایس پی خضدار روشین دشتی احتجاج کرنے والوں سے کامیاب مذاکرات کئے۔ قومی شاہراہ کی بندش کے باعث مسافروں، ٹرانسپورٹرز اور دیگر شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ احتجاج کے باعث وڈھ شہر میں کاروباری مراکز بھی مکمل طور پر بند رہیں۔

بقیہ 04

مجسٹریٹ) بلڈنگز (نوید بلوچ نے نیوسبزل روڈ) سی پیک روڈ (اور اے ون سٹی میں کارروائی کرتے ہوئے MCQ کی منظوری اور این او سی کے بغیر یا بلڈنگ کنٹرول قوانین کی خلاف ورزی پر تعمیر کی جانے والی 11 عمارتوں، پلازوں اور دکانوں کو سیل جبکہ 7 افراد کو گرفتار کر لیا۔ غیر قانونی تعمیرات کے بعض حصے مسمار بھی کیے گئے، جبکہ زرغون اور چلتن زون کے مانیٹرنگ سپروائزرز بھی کارروائی میں موجود رہے۔ واضح رہے کہ نیوسبزل روڈ) سی پیک روڈ (کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی جانب سے نو کنسٹرکشن زون قرار دیا جا چکا ہے، جہاں کسی بھی نئی تعمیر کی اجازت نہیں۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ شہریوں اور بلڈرز سے اپیل کرتا ہے کہ تعمیر شروع کرنے سے قبل تمام ضروری دستاویزات، و دیگر قانونی تقاضے مکمل کریں اور کسی بھی رہنمائی کے لیے متعلقہ دفتر سے رجوع کریں۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن نے واضح کرتا ہے کہ قانونی تعمیرات میں شہریوں کو ہر ممکن سہولت دی جائے گی، تاہم منظوری کے بغیر تعمیر، قواعد کی خلاف ورزی یا نو کنسٹرکشن زون میں تعمیر کسی صورت قابل قبول نہیں۔ خلاف ورزی کی صورت میں بلاامتیاز قانونی کارروائی جاری رہے گی۔

بقیہ 05

ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر) جنرل (علی نواز جمالی، ایس ڈی پی او محمد اعظم، محکمہ ایکسائز و اینٹی نارکوٹکس اور دیگر متعلقہ محکموں سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع بھر میں بھنگ کی ممکنہ کاشت کی نشاندہی کے لیے کیے گئے سروے، مختلف علاقوں سے موصول ہونے والی رپورٹس اور متعلقہ اداروں کی جانب سے پیش کردہ اعداد و شمار کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بھنگ کی کاشت کے خلاف اب تک کی گئی کارروائیوں اور درپیش مشکلات سے بھی آگاہ کیا گیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیپٹن) ر (محمد حبیب شجاع نے واضح کیا کہ ضلع لورالائی میں منشیات خصوصاً بھنگ کی کاشت کے خاتمے کے لیے کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ضلع بھر میں بھنگ کی کاشت کی درست اور مکمل نشاندہی کے لیے سروے کا عمل ہر صورت مقررہ وقت میں مکمل کیا جائے اور سروے کے اعداد و شمار کی تصدیق کو بھی یقینی بنایا جائے انہوں نے کہا کہ بھنگ کی کاشت کے خاتمے کے لیے تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور مؤثر حکمت عملی کے تحت کارروائیاں کریں، جبکہ جہاں بھنگ کی فصل موجود ہونے کی نشاندہی ہو وہاں قانون کے مطابق فوری اور مؤثر کارروائی عمل میں لائی جائے ڈپٹی کمشنر نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو بھی ہدایت کی کہ انسداد بھنگ مہم کے دوران ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کے ساتھ مکمل تعاون کیا جائے اور کسی بھی علاقے میں بھنگ کی کاشت یا اس سے متعلق سرگرمیوں کی اطلاع ملنے پر فوری کارروائی یقینی بنائی جائے اجلاس میں اس امر پر بھی اتفاق کیا گیا کہ انسداد منشیات مہم کو مزید مؤثر بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ، پولیس، ایکسائز و اینٹی نارکوٹکس اور دیگر متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ کاری کو مزید مضبوط بنایا جائے گا۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع لورالائی کو منشیات کی لعنت سے پاک کرنے کے لیے انسداد بھنگ مہم پر بلاامتیاز اور سختی سے عملدرآمد جاری رکھا جائے گا، جبکہ عوامی سطح پر بھی منشیات کے مضر اثرات کے حوالے سے آگاہی کو فروغ دیا جائے گا تاکہ نوجوان نسل کو منشیات کے ناسور سے محفوظ بنایا جا سکے۔

بقیہ 06

ن، معروف قانون دان نادر چلگری، پی اے ایف ایف کے چیف ایگزیکٹو نادر گل بڑیچ، کوآرڈینیٹر سید شیر عالم آغا، جمعیت علماء اسلام کے ضلعی سینئر نائب صدر حاجی بشیر کاکڑ، انجینئر محمد اسلم مندوخیل اور مرکزی انجمن تاجران کے ڈپٹی سیکرٹری ظفر اللہ کاکڑ نے سینئر صحافی ظاہر خان ناصر کی رہائش گاہ آمد ان کے بڑے بھائی عبداللہ خان ناصر کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا۔ اس موقع پر رہنماؤں نے مرحوم عبداللہ خان ناصر کے لیے فاتحہ خوانی اور دعائے مغفرت کی جبکہ سینئر صحافی ظاہر خان ناصر اور دیگر اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ عبداللہ خان ناصر کا انتقال اہل خانہ اور عزیز و اقارب کے لیے ناقابل تلافی صدمہ ہے۔ غم کی اس گھڑی میں وہ ظاہر خان ناصر اور سوگوار خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ تعزیت کرنے والے رہنماؤں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ مرحوم کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ عظیم صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔

بقیہ 07

کے حوالے سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وفود سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ زہری میں پائیدار امن کے قیام کے لیے صوبائی حکومت ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔ علاقائی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کے لیے قبائلی عمائدین کو بھی اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جھالاوان مزید سانحات اور افسوسناک واقعات کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ حکومت قیام امن کے لیے قبائلی عمائدین اور شہریوں کے ساتھ ہر ممکن تعاون کرے گی اور علاقے میں امن و استحکام کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ زہری میں تعلیم، صحت اور کاروباری سرگرمیوں کی بحالی میں مقامی عمائدین کو بڑھ چڑھ کر حصہ لینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ علاقے کے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع سمیت تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے بھی اقدامات کیے جائیں گے صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت اور مقامی عمائدین کے باہمی تعاون سے زہری سمیت پورے جھالاوان میں امن، ترقی اور معمولات زندگی کی مکمل بحالی کو یقینی بنانے کی کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 08

انہوں نے کہا کہ حکومت کی ناقص معاشی پالیسیوں کا خمیازہ عوام اور کاروباری طبقہ بھگت رہا ہے، جبکہ حکمران طبقہ اپنے غیر ضروری اخراجات اور مراعات کم کرنے کے لیے تیار نہیں۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں آئے روز اضافہ عوام کی جیب پر براہ راست ڈاکہ ہے، جس نے ٹرانسپورٹرز سمیت ہر شعبے کو شدید متاثر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں پہلے مہینوں بعد بڑھتی تھیں، اب حکومت بار بار قیمتوں میں اضافہ کر کے ایسا تاثر دے رہی ہے جیسے عوام کو ریلیف دینا نہیں بلکہ ہر ممکن طریقے سے ان کی قوت خرید ختم کرنا ہی معاشی پالیسی بن چکی ہے۔ اگر یہی صورتحال رہی تو خدشہ ہے کہ حکومت پٹرول کی قیمتیں بڑھانے کے بعد شاید گھڑیوں کے حساب سے اضافے کا بھی کوئی نیا فارمولا متعارف کرا دے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز پہلے ہی مہنگائی، ٹیکسز، اسپیئر پارٹس، ٹائرز، مرمت اور دیگر اخراجات کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں، اب پٹرولیم مصنوعات کی مسلسل بڑھتی قیمتوں نے مسافر گاڑیاں چلانا بھی معاشی طور پر ناممکن بنا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ نہ روکا تو ٹرانسپورٹرز کے پاس گاڑیاں سڑکوں سے ہٹانے کے سوا کوئی راستہ نہیں بچے گا۔ اس صورت میں سب سے زیادہ مشکلات بلوچستان کے دور دراز علاقوں کے عوام کو پیش آئیں گی، جہاں پہلے ہی سفری سہولیات انتہائی محدود ہیں۔ انہوں نے وفاقی حکومت پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ملک کو قرضوں کے بوجھ تلے دبا کر اور ہر بحران کا حل عوام کی جیب سے نکالنے سے معیشت ٹھیک نہیں ہوگی۔ حکومت کو چاہیے کہ سب سے پہلے حکمران طبقے کی شاہانہ مراعات، غیر ضروری سرکاری اخراجات اور فضول خرچیوں کا خاتمہ کرے، نہ کہ ہر بار غریب عوام پر مہنگائی کا نیا بم گرا دے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکمران واقعی معاشی اصلاحات میں سنجیدہ ہیں تو قربانی کا آغاز عوام سے نہیں بلکہ ایوان اقتدار سے کیا جائے۔ عوام پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں، مزید بوجھ ڈالنے کے بجائے حکومت فوری طور پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ روکے اور ٹرانسپورٹرز سمیت عام شہریوں کو حقیقی ریلیف فراہم کرے۔

بقیہ 09

، زمین مالکان، ٹھیکیداروں اور دیگر متعلقہ افراد کے لیے ضلعی واٹر مینجمنٹ کمیٹی (DWC) سے این اوسی (NOC) حاصل کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ بغیر اجازت زمین سے پانی نکالنے یا زرعی ٹیوب ویل چلانے کی اجازت نہیں ہوگی ڈپٹی کمشنر دکی نے واضح کیا ہے کہ ان ہدایات کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز اور سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ 1978 کے واٹر ایکٹ کے تحت غیر قانونی طور پر زیر زمین پانی کا استعمال قابل تعزیر جرم ہے، جس کی سزا ایک سال تک قید، جرمانہ یا دونوں ہو سکتی ہیں پبلک نوٹس میں مزید کہا گیا ہے کہ غیر قانونی سرگرمیوں میں استعمال ہونے والے ڈرلنگ مشینری، سولر پلیٹس، موٹرز، پائپس اور دیگر متعلقہ آلات کو فوری طور پر سرکاری تحویل میں لے کر ضبط کیا جائے گا۔ اس ضمن میں کسی قسم کی درخواست، سفارش یا اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا تمام متعلقہ محکموں، بالخصوص زراعت، آبپاشی، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اور پولیس کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ مذکورہ احکامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں۔ خلاف ورزی کی صورت میں ذمہ دار افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی ڈپٹی کمشنر دکی کی جانب سے جاری نوٹس کے مطابق اس اقدام کا مقصد زیر زمین پانی کے ذخائر کا تحفظ، پانی کے غیر قانونی استعمال کی روک تھام اور ضلع میں آبی وسائل کے منظم و قانونی استعمال کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 10

ق رہ گئے ہیں۔ جامعہ تربت کے ترجمان کے مطابق، داخلہ فارم یونیورسٹی کی ویب سائٹ کے علاوہ مین کیمپس (داخلہ سیل) یا سٹی کیمپس (لاء ڈیپارٹمنٹ) سے 15 ستمبر 2026 تک وصول اور جمع کیے جا سکتے ہیں۔ مستحق اور ذہین طلبہ کے لیے متعدد اسکالرشپس اور مالی امداد کی سہولیات بھی دستیاب ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے یونیورسٹی کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں 2027springforopenadmission.uot.edu.pk https آن لائن اپلائی کرنے کے لیے وزٹ کریں admissions.universityofturbat.com https مزید معلومات کے لیے درج ذیل نمبرز پر رابطہ کیا جا سکتا ہے: 400514-0852، 400529-0852 یا 400539-0852

بقیہ 11

کو مجموعی طور پر 31 نئی CG-125 موٹر سائیکلیں فراہم کر دی گئیں۔ اوستہ محمد اور نصیرآباد کے اضلاع میں پولیس کو جرائم کی روک تھام، پولیس گشت اور بروقت رسپانس کو مؤثر بنانے کے لیے 15 نئی CG-125 موٹر سائیکلیں فراہم کی گئیں۔ ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمٰن نے موٹر سائیکلوں کی چابیاں متعلقہ تھانوں کے ایس ایچ اوز اور انچارج افسران کے حوالے کیں۔ اس موقع پر ایس پی اوستہ محمد نے افسران کو ہدایت کی کہ موٹر سائیکلوں کی مناسب دیکھ بھال اور بروقت مرمت یقینی بنائی جائے جبکہ انہیں پولیس گشت اور سرکاری فرائض کی انجام دہی کے لیے ہی ذمہ دارانہ اور مؤثر انداز میں استعمال کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ نئی موٹر سائیکلوں کی فراہمی سے شہر میں پولیس گشت کا نظام مزید بہتر ہوگا، جس سے جرائم کی روک تھام، بروقت پولیس رسپانس اور عوام کے تحفظ میں مدد ملے گی۔ دوسری جانب نصیرآباد پولیس کو بھی 16 نئی CG-125 موٹر سائیکلیں فراہم کی گئی ہیں۔ ایس ایس پی نصیرآباد اسد خان ناصر نے پولیس تھانہ سٹی، صدر، منگولی، منجھوشوری، میر حسن اور 15 مددگار کے اہلکاروں کو موٹر سائیکلیں فراہم کیں۔ اس موقع پر ایس ایس پی نصیرآباد اسد خان ناصر نے کہا کہ نئی موٹر سائیکلوں کی فراہمی سے پولیس کے گشت کا دائرہ اور دورانیہ بڑھانے کے ساتھ ساتھ جرائم کی روک تھام اور فوری رسپانس کی صلاحیت میں بھی اضافہ ہوگا۔ جدید وسائل کی فراہمی سے پولیس کی استعداد کار بہتر ہوگی اور عوام کو بروقت و مؤثر پولیس سروسز کی فراہمی میں مزید بہتری آئے گی۔

بقیہ 12

نے کیک کاٹا، جبکہ یونیورسٹی کے اساتذہ، افسران، ملازمین اور طلباء نے انہیں تمغہ امتیاز کے حصول پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور بطور تحفہ یادگاری تحائف بھی پیش کیے۔ اس موقع پر شرکاء نے کہا کہ ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ کے لیے تمغہ امتیاز کا اعزاز نہ صرف ان کی ذاتی و پیشہ ورانہ کامیابی ہے بلکہ یونیورسٹی آف لورالائی، ضلع لورالائی اور بلوچستان کے لیے بھی باعث فخر ہے۔ ان کی تعلیمی، انتظامی اور تحقیقی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا گیا کہ قومی سطح پر یہ اعزاز حاصل کرنا نوجوان نسل کے لیے بھی ایک قابل تقلید مثال ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شرکاء نے کہا کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی کی بنیاد ہے اور ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ نے شعبہ تعلیم میں اپنی خدمات کے ذریعے نوجوانوں کو بہتر تعلیمی مواقع فراہم کرنے اور اعلیٰ تعلیم کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ان کی قیادت میں یونیورسٹی آف لورالائی میں تعلیمی و انتظامی معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے مختلف اقدامات جاری ہیں وائس چانسلر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ نے اس موقع پر فیکلٹی، افسران، ملازمین اور طلباء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ اعزاز ان کی ذات کے ساتھ ساتھ ان تمام افراد کی محنت اور تعاون کا اعتراف ہے جو تعلیم کے فروغ اور یونیورسٹی کی ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ مستقبل میں بھی نوجوانوں کو معیاری تعلیم اور بہتر مواقع کی فراہمی کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کرتے رہیں گے۔ آخر میں یونیورسٹی آف لورالائی کے اساتذہ، افسران، ملازمین اور طلباء نے ایک بار پھر وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ کو تمغہ امتیاز حاصل کرنے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے مزید کامیابیوں اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ 13

سے آگاہ کیا۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر دکی ڈاکٹر بہادر خان لونی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 14 سے 19 ستمبر تک جاری رہنے والی مہم کے دوران بچوں اور خواتین کی صحت کے حوالے سے خصوصی اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ 5 سال تک کی عمر کے بچوں کو ڈی ورمنگ کی گولیاں دی جائیں گی، جبکہ پیدائش سے لے کر 5 سال تک کی عمر کے بچوں کی حفاظتی ویکسینیشن کی جائے گی۔ اس کے علاوہ 14 سے 49 سال تک کی خواتین کو بھی حفاظتی ویکسین لگائی جائے گی، جبکہ ویکسین سے محروم رہ جانے والے بچوں) ڈیفالٹر بچوں (کو بھی تلاش کر کے ان کی ویکسینیشن مکمل کی جائے گی۔ ڈاکٹر بہادر خان لونی نے کہا کہ "صحت مند بچہ، خوشحال خاندان اور مضبوط پاکستان "ہمارا مقصد ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ محکمہ صحت کی ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور اپنے بچوں کو پیدائش سے 5 سال تک تمام حفاظتی ویکسین لازمی لگوائیں تاکہ انہیں مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بچوں کی بروقت ویکسینیشن نہ صرف ایک صحت مند نسل کی ضمانت ہے بلکہ پورے خاندان اور معاشرے کو محفوظ بنانے میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ محکمہ صحت دکی کی جانب سے عوام سے اپیل کی گئی کہ مہم کے دوران صحت کی ٹیموں کے ساتھ تعاون کریں، اپنے بچوں کو حفاظتی ویکسین ضرور لگوائیں اور "صحت مند بچہ، مضبوط پاکستان" کے پیغام کو عام کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 14

کے جذبے کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ایک ایماندار، محنت کش، فرض شناس اور عوام دوست افسر کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں ملک نجور کا کہنا ہے کہ ایک سرکاری افسر کی اصل پہچان اس کا عہدہ نہیں بلکہ اس کی دیانت داری، کردار، محنت، انصاف پسندی اور عوام کے مسائل کے حل کے لیے عملی جدوجہد ہوتی ہے کیپٹن) ر (محمد حبیب شجاع ایک تجربہ کار اور ذمہ دار افسر کی حیثیت سے لورالائی کے انتظامی امور کو بہتر بنانے کے لیے اپنی صلاحیتیں بروئے کار لا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لورالائی جیسے اہم ضلع میں امن و امان، صفائی، تعلیم، صحت، بنیادی سہولیات اور عوامی مسائل پر توجہ دینا ایک بڑی ذمہ داری ہے عوام کو امید ہے کہ ڈپٹی کمشنر اسی جذبہ خدمت، ایمانداری اور خلوص کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں جاری رکھتے ہوئے عام شہری کے مسائل کے حل میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ ملک نجور نے کہا کہ کرپشن سے پاک ماحول، میرٹ کی بالادستی اور حقدار کو اس کا حق دلانا ایک مضبوط اور بہتر انتظامیہ کی بنیادی علامت ہے ایسے افسران جو اپنی ذمہ داری کو صرف سرکاری ڈیوٹی نہیں بلکہ عوام کی امانت سمجھ کر ادا کرتے ہیں، وہ یقیناً عزت اور احترام کے مستحق ہوتے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ کیپٹن) ر (محمد حبیب شجاع کی محنت، ایمانداری، فرض شناسی اور عوامی خدمت لورالائی کی ترقی و خوشحالی میں مثبت کردار ادا کرے گی اور ان کے دور انتظام میں عوام کو مزید بہتر سہولیات اور ریلیف حاصل ہوگا۔ آخر میں ملک نجور نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ کیپٹن) ر (محمد حبیب شجاع کو دیانت داری اور خلوص کے ساتھ عوام کی خدمت کرنے کی مزید توفیق عطا فرمائے، ان کی محنتوں کو قبول فرمائے اور لورالائی کو امن، ترقی اور خوشحالی عطا فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 15

متی کے پیچھے امریکی بالادستی اور اس کی مداخلت پسندانہ پالیسیوں کا بنیادی کردار ہے، امریکہ نے اپنے مفادات کے حصول کے لیے دنیا کے مختلف ممالک میں جنگوں، سیاسی عدم استحکام اور معاشی دباؤ کو فروغ دیا، جس کے منفی اثرات آج بھی پوری دنیا کو بھگتنا پڑ رہے ہیں، پاکستان میں جاری شورش اور بدامنی کے حوالے سے بھی امریکہ کی پالیسیوں اور خطے میں اس کے تزویراتی مفادات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، عالمی طاقتوں کو طاقت کے بجائے انصاف، خودمختاری اور باہمی احترام کے اصولوں کو ترجیح دینا ہوگی، فلسطین، افغانستان، مشرق وسطیٰ اور دیگر خطوں میں جاری بحرانوں کا مستقل حل طاقت کے استعمال کے بجائے سیاسی، سفارتی اور منصفانہ طریقہ کار سے ہی ممکن ہے، رہنماؤں نے کہا کہ جب تک دنیا پر چند طاقتوں کی بالادستی، دوہرے معیار اور مداخلت پسندانہ پالیسیوں کا خاتمہ نہیں ہوتا اس وقت تک حقیقی عالمی امن کا خواب شرمندہ؟ تعبیر نہیں ہو سکتا، پاکستان کو بھی اپنی خارجہ پالیسی قومی مفادات، ملکی خودمختاری اور خطے کے امن کو سامنے رکھتے ہوئے تشکیل دینی چاہیے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان سمیت ملک کے کسی بھی حصے میں بدامنی کے خاتمے کے لیے طاقت کے استعمال کے بجائے سیاسی مذاکرات، آئین و قانون کی بالادستی، عوام کے بنیادی حقوق اور محرومیوں کے ازالے کو یقینی بنایا جائے، جمعیت علماء اسلام ہر قسم کی دہشت گردی، انتہا پسندی اور بیرونی مداخلت کی مخالفت کرتے ہوئے ملک میں امن، سیاسی استحکام، جمہوری تسلسل اور قومی وحدت کے لیے اپنا مثبت اور اصولی کردار ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ 16

آمد کر کے تلف کر دی گئیں۔ کارروائی میں اے ایس آئی رفیق جتک، اے ایس آئی خلیل احمد، سپاہی ضیاء الحق، ندیم ساسولی، ابوبکر، ظریف احمد، ظہیر چنال اور لیاقت علی سمیت پولیس اہلکاروں نے حصہ لیا۔ اس موقع پر ایس ایچ او نال غلام حیدر زہری نے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ عوام سے اپیل ہے کہ منشیات فروشوں کی نشاندہی میں پولیس کے ساتھ تعاون کریں تاکہ ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ چرس، تریاک اور ہیروئن سمیت دیگر منشیات فروخت کرنے والوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے پولیس اہلکار تعینات کیے گئے ہیں، جیسے ہی کسی شخص کے منشیات فروشی میں ملوث ہونے کی تصدیق ہوگی، اس کے خلاف فوری کریک ڈاؤن کیا جائے گا۔ ایس ایچ او نال نے واضح کیا کہ منشیات فروشوں کے ساتھ کسی بھی قسم کا تعاون برداشت نہیں کیا جائے گا اور منشیات کے خاتمے کے لیے پولیس کی کارروائیاں مزید تیز کی جائیں گی۔

بقیہ 17

دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ انہوں نے زخمی کانکنوں کی جلد صحت یابی کے لیے بھی دعا کی اور امید ظاہر کی کہ زخمی جلد روبہ صحت ہو کر اپنے گھروں کو لوٹیں گے۔ صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے ضلعی انتظامیہ اور مائنز ڈیپارٹمنٹ کے حکام کو ہدایت کی کہ وہ کوئلہ کانوں میں پیش آنے والے حادثات کو روکنے کے لیے سیفٹی کے خصوصی اقدامات کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی حفاظت کے لیے تمام ضروری اقدامات فوری طور پر مکمل کیے جائیں۔

بقیہ 18

اسکول میں زیر تعمیر اضافی کلاس رومز کا بھی معائنہ کیا اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کام میں مقررہ معیار اور شفافیت کو یقینی بناتے ہوئے منصوبہ بروقت مکمل کیا جائے، تاکہ طلبہ کو بہتر اور سازگار تعلیمی ماحول فراہم کیا جا سکے ان کا کہنا تھا کہ حکومت بلوچستان سرکاری اسکولوں میں تعلیمی سہولیات کی بہتری، معیاری تعلیم کے فروغ اور طلبہ و طالبات کے لیے بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی کو ترجیح دے رہی ہے۔

بقیہ 19

ریفری ججز کورس میں مختلف سکولز اور کالجز سے تعلق رکھنے والے میلز اینڈ وومینز تائیکوانڈو کوچز، ریفریز، ججز اور پلیئرز نے شرکت کی۔ این ایس تائیکوانڈو کلب ماڈل ٹاؤن کے چیف ایگزیکٹو بلیک بیلٹ فورتھ ڈان انٹرنیشنل گولڈ میڈلسٹ رانا اعجاز احمد اور بلیک بیلٹ فورتھ ڈان (ڈبلیو ٹی ایف) کوریا اور پوسے کوچ اینڈ صدر نیشنل تائیکوانڈو کلب لاہور خاور محمود نے تائیکوانڈو کوچنگ اینڈ ریفری ججز کورس کے شرکاء کو تائیکوانڈو کوچنگ کے جدید طریقہ کار، جدید تکنیکوں، کھلاڑیوں کی تربیت، مقابلوں کے دوران ریفری کے فرائض، ججز کے فیصلوں کے اصول، تائیکوانڈو کھیل کے جدید قوانین، جدید ترین الیکٹرانک اسکورنگ سسٹم اور کھیل کے دوران پیش آنے والی مختلف صورتحال سے نمٹنے کے حوالے سے عملی تربیت فراہم کی۔ تائیکوانڈو کھیل کے انٹرنیشنل گولڈ میڈلسٹ پلیئر ماہر انسٹرکٹر رانا اعجاز احمد نے تربیتی کورس کے شرکاء کو جدید تائیکوانڈو کے تقاضوں سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ معیاری کوچنگ اور غیر جانبدارانہ ریفری ججنگ کھیل کی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے، ایسے تربیتی کورسز کے انعقاد سے نہ صرف کوچز اور آفیشلز کی استعداد کار میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ نوجوان کھلاڑیوں کو بھی بہتر تربیتی ماحول میسر آتا ہے۔ تائیکوانڈو کوچنگ اینڈ ریفری ججز کورس کے شرکاء نے کورس کے انعقاد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس نوعیت کی سرگرمیوں سے تائیکوانڈو کے کھیل کو نچلی سطح سے قومی اور بین الاقوامی سطح تک مزید فروغ دینے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے منتظمین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے مستقبل میں بھی ایسے تربیتی پروگرامز کے تسلسل کی ضرورت پر زور دیا۔ بلیک بیلٹ فورتھ ڈان (ڈبلیو ٹی ایف) کوریا اور پوسے کوچ خاور محمود نے کہا کہ تائیکوانڈو کوچنگ اینڈ ریفری ججز کورس کا کامیاب انعقاد کھیل کے معیار کو بلند کرنے اور کوچز و آفیشلز کو عالمی سطح کے ضوابط سے آراستہ کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے، تائیکوانڈو کے فروغ، کھلاڑیوں کی بہتر تربیت اور کوچز و آفیشلز کی استعداد بڑھانے کیلئے مزید تربیتی پروگرامز کا انعقاد کیا جائے گا۔ کورس کے اختتام پر کامیاب شرکاء میں سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کیے گئے۔

بقیہ 20

کے بغیر دعویٰ کیا کہ حملے میں حماس کے دو جنگجوؤں کو نشانہ بنایا گیا۔ اکتوبر 2025 میں، امریکی حمایت یافتہ جنگ بندی نے غزہ میں بڑے پیمانے پر لڑائی روک دی، لیکن اس سے اسرائیلی حملے ختم نہیں ہوئے اور مستقل امن کی جانب قدموں پر بہت کم پیش رفت ہوئی ہے۔

بقیہ 21

اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت ضلع شیرانی میں ترقیاتی منصوبوں نے علاقے میں تعمیر و ترقی کی نئی بنیاد رکھ دی ہے۔ فیز ون اور ٹو کے تحت ضلع شیرانی میں مجموعی طور پر 116 ترقیاتی منصوبے منظور کیے گئے، جن میں سے 115 منصوبے مکمل ہو چکے۔ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت ان منصوبوں کیلئے مجموعی طور پر 689.99 ملین روپے مختص کیے گئے ہیں۔ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے ضلع شیرانی کے عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مدد مل رہی ہے۔ ضلع شیرانی میں انفراسٹرکچر کی بہتری سے مقامی آبادی کیلئے روزمرہ زندگی مزید آسان بنانے کی بنیاد بھی مضبوط ہوئی ہے۔ ایف سی بلوچستان نارتھ، سول انتظامیہ اور منتخب نمائندوں نے ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر اور کامیاب نگرانی میں اہم کردار ادا کیا۔ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے ریاستی اداروں کے عوامی خدمت اور پسماندہ علاقوں کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کے عزم کو تقویت مل رہی ہے۔ عوامی فلاح، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور پائیدار انفراسٹرکچر کے ذریعے بلوچستان کو ترقی اور خوشحالی کی جانب لے جانے کا سفر تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔

بقیہ 22

تھام اور مالکان کیخلاف کے کارروائی کر کے مزدوروں کے حقوق کے حصول اور تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس اور پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرے کے دوران کیا۔ اس موقع پر حاجی بشیر رند، قاسم خان، حاجی عزیز شاہوانی، محمد عمر بنگلزئی، محمد حسین ہنگورزئی اور آغا محمد سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں حکومت کی رٹ ختم ہو چکی ہے اور مارشل لاء سے زیادہ خطرناک حالات کی وجہ سے ہر طرف افراتفری پھیلی ہوئی ہے لوگ عدم تحفظ کا شکار ہے اور اپنے حقوق کے حصول کے لئے آواز اٹھانے سے بھی قاصر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے منافع بخش ادارے تباہی کے دہانے پر پہنچ چکے ہیں اپنی نااہلی اور کرپشن کو چھپانے کیلئے ان کی نجکاری کی جارہی ہے منافع بخش اداروں کی نجکاری کی بجائے اسمبلیوں کی نجکاری کر کے لوگوں کو ان اہل حکمرانوں سے نجات دلائی جائے۔ اس طرح کے ناروا اقدامات کو ہم کسی صورت تسلیم نہیں کریں گے آئی ایم ایف اور دیگر مالیاتی اداروں کے کہنے پر ملک کو چلایا جا رہا ہے جہاں عوام کے مفاد کی بات ہوتی ہے وہاں آئی ایم ایف انہیں منع اور جہاں ملک کا نقصان ہوتا ہے تو اس کی اجازت دی جاتی ہے جو کہ ایک سازش اور ملک کے باسیوں کو بین الاقوامی مالیاتی اداروں کے رحم و کرم پر چھوڑ کر کسمپرسی کی زندگی گزارنے اور انہیں غلام بنانے کی پالیسی پر گامزن ہو کر انہیں مفلوج بنایا جا رہا ہے اس ظلم کے خلاف ہم کسی صورت خاموش نہیں رہیں گے اور آواز بلند کرنے کے ساتھ کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ وفاق اور دیگر صوبوں میں ملازمین کو ڈی آر اے سمیت دیگر مراعات دی جا رہی ہے لیکن بلوچستان کے ملازمین کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک روا رکھا گیا ہے پنشن اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ملازمین کو تین، تین ماہ تک تنخواہیں ادا نہیں کی جاتی ٹھیکیداری سسٹم کے ذریعے صفائی ستھرائی کی صورتحال ابتر ہو چکی ہے۔ کیو ڈی اے کے ملازمین کو مستقل تعیناتی آرڈر دینے کے باوجود ان کی مستقلی نہیں ہو سکی اور اس منافع بخش ادارے کو ختم کر کے ملازمین کو ریٹائر کیا جا رہا ہے ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ یونینز پر پابندی ختم، تنخواہوں کی بروقت ادائیگی اپنے حق کے لئے آواز بلند کرنے والے معطل ملازمین کو بحال کر کے لواحقین کوٹہ پر بھرتیاں اور جعلی یونینز کے ذریعے مزدوروں کے حق پر ڈاکہ ڈالنے کا سلسلہ بند کیا جائے بصورت دیگر ان تمام ناروا اقدامات کے خلاف آئندہ کا لائحہ عمل طے کر کے شدید احتجاج کریں گے جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت اور متعلقہ اداروں کے حکام پر عائد ہوگی۔

بقیہ 23

ماہیوال خان جاموٹ کی نگرانی میں ایس ایچ او سٹی تھانہ میر نذیر احمد عمرانی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق سال 2025 کے دوران قلات میں مسلح ڈکیتیوں میں ملوث ایک گروہ سرگرم تھا، جس کے خلاف پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایک ملزم کو پہلے ہی گرفتار کیا تھا، جبکہ ڈکیتی میں استعمال ہونے والی مسروقہ موٹر سائیکل بھی برآمد کی گئی تھی مقدمے میں ملوث 2 دیگر ملزمان گرفتاری سے بچنے کے لیے روپوش تھے پولیس ٹیم نے آج کارروائی کرتے ہوئے روپوش ملزمان میں سے ایک ملزم محمد طاہر ولد غلام فاروق کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم ایف آئی آر نمبر 109/2025، زیر دفعہ 392/34 تعزیرات پاکستان میں مطلوب تھا پولیس کے مطابق گرفتار ملزم سے ڈکیتی کے مقدمے کے حوالے سے مزید تفتیش جاری ہے، جبکہ دیگر مطلوب ملزمان کی گرفتاری کے لیے بھی کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ 24

نگی، نالیوں کی صفائی اور جھاڑو لگانے میں مصروف عمل ہے۔ اس سلسلے میں میونسپل کمیٹی کی سوزوکی اور ٹریکٹر ٹرالی کے ذریعے کچرا اٹھا کر مناسب مقامات پر منتقل کیا جا رہا ہے۔ پنجگور ہسپتال، سبزی منڈی، پہاڑی محلہ، حافظ سلطانہ دین کونسلر وارڈ، تحصیل روڈ، امبالہ گلی، غازی ارسلان خان روڈ، صدر بازار، باگی بازار، کاکڑی مسجد روڈ، حبیب پلازہ، سینما گلی، پنجابی محلہ، جامعہ مسجد مدنی اور ٹپ کالونی سمیت مختلف علاقوں میں صفائی کا کام کیا گیا۔ میونسپل کمیٹی کے عملے کی جانب سے شہر میں موجود درختوں کو پانی دینے کا سلسلہ بھی جاری ہے تاکہ شہر کو سرسبز و صاف ستھرا رکھا جا سکے۔ علاوہ ازیں، شہریوں کو آوارہ کتوں سے محفوظ رکھنے کے لیے میونسپل کمیٹی کی جانب سے کتا مار مہم بھی جاری ہے۔ سپروائزر سلیم داد ولی محمد کی نگرانی میں پنجگور ہسپتال کے علاقے میں آوارہ کتوں کے خلاف کارروائی کی گئی۔ میونسپل کمیٹی حکام نے کہا ہے کہ شہر میں صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کے نظام کی بہتری کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، جبکہ شہریوں سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ وہ کچرا مقررہ مقامات پر ڈالیں اور صفائی کے عملے سے تعاون کریں۔

بقیہ 25

دیگر نے کہا ہے کہ جب تک ملک میں نظام مصطفیٰ ﷺ اور سنت رسول ﷺ کا نظام قائم نہیں ہوتا اس وقت تک ملک اور قوم کو افراتفری اور بے سکونی سے چھٹکارا نہیں مل سکتا اس لئے ہمیں سنت رسول ﷺ اور نظام مصطفیٰ ﷺ پر عمل پیرا ہو کر ملک اور قوم کی بہتری اور استحکام کے لئے کام کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں مصطفیٰ ویلفیئر اور نیکی نیٹ ورک کے زیر اہتمام ربیع الاول کے حوالے سے منعقدہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر کلیم اللہ شاہ، اہلسنت والجماعت کے نعیم مدنی، سہیل اشرف، لالا صغیر، اعظم چشتی، اویس قادری، عبدالرؤف، ملک ارشد سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ علماء کرام اور سادات کرام سمیت دیگر مقررین نے کہا کہ پاکستان کلمہ طیبہ کے نام پر معرض وجود میں آیا ہے اس لئے مملکت خداداد میں اسلامی نظام کا نفاذ ناگزیر ہو چکا ہے آج ہماری قوم اسلامی افکار، نظام مصطفیٰ اور سنت رسول سے دوری کے باعث مختلف مسائل اور مشکلات، افراتفری کا شکار ہو چکی ہے جب تک ہم اسلامی تعلیمات اور نظام مصطفیٰ ﷺ پر عمل پیرا ہو کر پاکستان میں اسلامی نظام نافذ کر کے اسلامی اصولوں کے مطابق ملک کے معاملات اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات نہیں اٹھائیں گے اس وقت تک ملک اور قوم میں پائی جانے والی بے سکونی، افراتفری سمیت تباہی، بربادی سے محفوظ نہیں رہ سکتے۔ کیونکہ ہمیں نظام مصطفیٰ ﷺ پر عمل پیرا ہو کر اپنی دنیا اور آخرت کو سنوارنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حضور ﷺ کی آمد سے دنیا میں روشنی پھیلی اور کفر اور گمراہی اندھیرے کا خاتمہ ہوا اور یہ مبارک مہینہ ان کی ولادت کا مہینہ ہے وہ دونوں جہانوں کے سردار ہیں ان کی تعلیمات ہمارے لئے مشعل راہ ہے۔

بقیہ 26

جبکہ دوسری جانب مسلط فارم 47 کی حکومت اور محکمہ خوراک عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں مکمل طور پر غیر سنجیدہ دکھائی دے رہے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صوبہ پنجاب سے بلوچستان گندم لانے پر پابندی عائد کرنا قابل افسوس ہے۔ اسی طرح سندھ سے گندم کی ترسیل میں مشکلات کے باعث گندم کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہو چکا ہے، جس کا براہ راست اثر آٹے کی قیمتوں پر پڑ رہا ہے۔ حکومت کی جانب سے فلور ملز کو سستے داموں گندم کی عدم فراہمی، مارکیٹ میں گندم کی قلت اور ذخیرہ نہ ہونے کے باعث آٹے کی قیمتیں کم نہیں ہو رہیں۔ اس وقت مارکیٹ میں آٹے کے نرخ عوام کی قوت خرید سے باہر ہوتے جا رہے ہیں۔ 20 کلو آٹے کا تھیلا تقریباً 3000 روپے، 50 کلو کا تھیلا تقریباً 7500 روپے، جبکہ 100 کلو آٹے کی بوری تقریباً 15000 روپے تک پہنچ چکی ہے۔ ان قیمتوں میں اضافے نے خصوصاً غریب اور متوسط طبقے کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل بنا دیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ حکومت کو چاہیے کہ گندم کی ترسیل میں حائل تمام رکاوٹیں فوری طور پر ختم کرے اور پنجاب و سندھ سے بلوچستان کو گندم کی بجائے براہ راست آٹے کی ترسیل شروع کی جائے، تاکہ عوام کو فوری ریلیف مل سکے۔ حکومت فلور ملز کو مناسب نرخوں پر گندم فراہم کرے اور اس بات کو یقینی بنائے کہ سستا آٹا حقیقی معنوں میں غریب عوام تک پہنچے۔ کیونکہ عوام پہلے ہی شدید مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی مشکلات کا شکار ہیں ایسے میں بنیادی خوراک کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ کسی صورت قابل قبول نہیں۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ آٹے کی قیمتوں میں فوری کمی لا کر پنجاب اور سندھ سے بلوچستان تک آٹے کی بلا رکاوٹ ترسیل یقینی بنائی جائے اور غریب عوام کو مقررہ سرکاری نرخوں پر سستا اور معیاری آٹا فراہم کیا جائے۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ شاہراہوں کی بندش، بدامنی اور لوٹ کھسوٹ کی صورتحال میں عوام کو ریلیف فراہم کرے۔

بقیہ 27

کی فراہمی اور کھیلوں کے ذریعے طلبہ و طالبات کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے عزم کے تحت میر ارشد کلمتی کے زیر اہتمام اور میر عبدالغفور کلمتی فٹبال اکیڈمی کے تعاون سے جاری میر کلمتی انٹر ایجوکیشنل اسکول اسپورٹس فیسٹیول 2026 کے چھٹے اور ساتویں روز بھی مختلف کھیلوں کے مقابلے بھرپور جوش و خروش سے جاری رہے۔ فیسٹیول کے چھٹے روز سورگ دل فٹبال اسٹیڈیم گوادر میں گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول گھٹی ڈھور گوادر اور دارالعلوم پبلک اسکول گوادر کے درمیان دلچسپ فٹبال مقابلہ کھیلا گیا۔ دونوں ٹیموں نے بہترین کھیل اور بھرپور جذبے کا مظاہرہ کیا، تاہم دارالعلوم پبلک اسکول نے فیصلہ کن گول اسکور کرتے ہوئے مقابلہ 1-0 سے اپنے نام کر لیا۔

بقیہ 28

ج، مفتی عبدالقادر شاہوانی، میر اشرف علی مینگل، عبداللہ شاہوانی، عبدالنبی بلوچ، حافظ حمید اللہ مینگل، منیر احمد زہری، میر ادریس زہری، مولانا محمد قاسم قلندرانی، سفر خان مینگل، عبدالوہاب غلامانی، ایڈووکیٹ غلام نبی مینگل، ڈاکٹر حضور بخش زہری، انجینئر وسیم زہری اور جمیل احمد نے شرکت کی۔ اجلاس میں خضدار میں جاری بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ پر شدید برہمی کا اظہار کیا گیا۔ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ کئی دنوں سے شہر میں بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل بندش نے عوام کی زندگی اجیرن کر دی ہے۔ شدید گرمی میں گھنٹوں بجلی کی عدم فراہمی سے نہ صرف عام شہری متاثر ہو رہے ہیں بلکہ تاجر برادری اور چھوٹے کاروبار بھی تباہی کے دہانے پر پہنچ چکے ہیں۔ ہسپتالوں، تعلیمی اداروں اور گھریلو صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ بجلی کی یہ صورتحال کسی صورت قابل قبول نہیں۔ وفاقی اور صوبائی حکومت اور متعلقہ ادارے فوری طور پر نوٹس لیں اور خضدار کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائیں۔ لوڈشیڈنگ کا شیڈول جاری کیا جائے اور غیر اعلانیہ بندش کا سلسلہ فی الفور بند کیا جائے۔ شہری پہلے ہی مہنگائی اور دیگر مسائل سے پریشان ہیں، اب مزید ظلم برداشت نہیں کیا جائے گا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ اگر بجلی کی صورتحال بہتر نہ ہوئی تو آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی سخت احتجاجی تحریک کا آغاز کرے گی۔ کمیٹی نے خبردار کیا کہ احتجاج کی تمام تر ذمہ داری انتظامیہ اور بجلی کے حکام پر عائد ہوگی۔ اجلاس میں زرعی شعبے کے اہم مسئلے یوریا کھاد کی ترسیل پر عائد پابندی کو بھی زیر بحث لایا گیا۔ کمیٹی نے اس پابندی کو فوری طور پر ختم کرنے کا مطالبہ کیا کیونکہ اس سے کسانوں کی فصلیں شدید متاثر ہو رہی ہیں اور زرعی پیداوار میں کمی کا خدشہ بڑھ گیا ہے۔ اجلاس میں شہر کی بعض شاہراہوں کو سیکورٹی ریزن کی وجہ سے بند کیے جانے کے معاملے پر بھی تشویش ظاہر کی گئی۔ آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی نے کہا کہ شاہراہوں کی بندش سے شہریوں کو آمد و رفت میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ اجلاس میں حکام سے مطالبہ کیا گیا کہ شاہراہوں کو جلد از جلد کھولا جائے۔ اجلاس میں نوجوان نسل میں منشیات کے بڑھتے ہوئے رجحان پر بھی گہری تشویش کا اظہار کیا گیا۔ کمیٹی نے انتظامیہ اور پولیس پر زور دیا کہ منشیات کی روک تھام کے لیے مؤثر اور ٹھوس اقدامات کیے جائیں تاکہ نوجوانوں کو اس لعنت سے بچایا جا سکے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ خضدار کے تمام اہم و بنیادی ایشوز پر مشتمل ایک جامع ڈرافٹ اور بنیادی نقاط تیار کر کے اعلیٰ حکام اور اختیار داروں کو پیش کیے جائیں گے تاکہ ان مسائل کا پائیدار حل نکالا جا سکے یہ بھی فیصلہ کیا کہ اگلے دو سال کے لیے آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار کے انتخابات اکتوبر 2026 کے پہلے ہفتے میں منعقد کیے جائیں گے۔ اس سے قبل اجلاس کے آغاز میں تاجر رہنما سید مسیح شاہ کی ناگہانی وفات پر ان کیلئے دعائے مغفرت کی گئی۔

بقیہ 29

147TKB کو روک کر تلاشی لی۔ پولیس کے مطابق ٹرک میں بنائے گئے خفیہ خانوں سے 29 کلو 600 گرام چرس جبکہ 7 کلو 55 گرام آئس شیشہ برآمد کیا گیا۔ پولیس نے برآمد شدہ منشیات قبضے میں لے کر گرفتار ملزمان محمد ہاشم اور ولی محمد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے، جبکہ واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے۔ پولیس حکام نے کہا ہے کہ منشیات کے مکروہ کاروبار میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید مؤثر انداز میں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 30

نے کے باوجود تاحال شروع نہ ہونے سے مسافروں، ٹرانسپورٹروں اور مقامی لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ سڑکوں کی خستہ حالی اور تعمیراتی کام شروع نہ ہونے کے باعث آمد و رفت متاثر ہو رہی ہے، جبکہ مریضوں کو بھی اسپتالوں تک پہنچنے میں مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ ٹرانسپورٹروں کا کہنا ہے کہ خراب سڑکوں کے باعث گاڑیوں کے اخراجات میں اضافہ ہو رہا ہے اور سفر کا وقت بھی بڑھ گیا ہے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ متعلقہ منصوبوں کو شروع ہوئے کئی ماہ گزر چکے ہیں، تاہم عملی طور پر سڑکوں کے کام کا آغاز نہ ہونا تشویش کا باعث ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ تمام زیر التوا سڑکوں کے کام فوری طور پر شروع کر کے مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں تاکہ مسافروں، ٹرانسپورٹروں اور مریضوں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ ہو سکے۔

بقیہ 31

میں تمام متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی اور اپنے اپنے محکموں کی کارکردگی، جاری اقدامات اور عوام کو درپیش مسائل سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے افسران کو ہدایت کی کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی تاخیر یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ تمام سرکاری ادارے عوام کو ریلیف کی فراہمی، بنیادی سہولیات کی بہتری اور عوامی شکایات کے بروقت ازالے کے لیے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کریں۔ اجلاس کے دوران پسنی میں گزشتہ روز سے جاری بجلی کی بندش کا معاملہ بھی زیر بحث آیا۔ رکن صوبائی اسمبلی نے بجلی کی طویل بندش پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ گرڈ اسٹیشن کے خراب ٹرانسفارمر کی مرمت کا کام فوری طور پر مکمل کیا جائے تاکہ پسنی میں بجلی کی فراہمی جلد بحال اور شہریوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ کیا جا سکے۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اس لیے تمام ادارے عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اور نتیجہ خیز اقدامات یقینی بنائیں۔ انہوں نے افسران پر زور دیا کہ عوامی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرتے ہوئے حکومتی اقدامات کے ثمرات عوام تک پہنچائے جائیں۔

بقیہ 32

ویورل سائنسز، نیشنل رورل سپورٹ پروگرام، اور پیپلز پرائمری ہیلتھ کیئر انیشی ایٹو شامل ہیں۔ انٹرن شپ کی کامیاب تکمیل پر پیچ تھیلیسیمیا کیئر سینٹر کے چیئرمین ارشاد عارف اور سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے حکام اقبال زہری، محمد عیسیٰ اور شاکر علی شاکر نے طلبہ میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے۔ اس موقع پر پرو وائس چانسلر ڈاکٹر کمال احمد، ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز ڈاکٹر طاہر حکیم اور چیئرمین شعبہ سوشیالوجی ڈاکٹر نادل بلوچ نے ان تمام اداروں کے سربراہان کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے انٹرن شپ کے دوران جامعہ کے طلبہ کے ساتھ تعاون کیا۔ جامعہ تربت کے ترجمان کے مطابق، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے اپنے پیغام میں کہا کہ جامعہ تربت طلبہ کو عملی تربیت کی فراہمی کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھا رہی ہے، جن کا مقصد طلبہ کو سماجی طور پر ذمہ دار گریجویٹس بنانا اور انہیں اپنی کمیونٹی اور معاشرے کی خدمت کے لیے تیار کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک و صوبے کے سرکاری و نجی اداروں کے ساتھ شراکت داری کو فروغ دینا یونیورسٹی کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 33

کمشنرز و سیکشن آفیسرز کے لیے پہلے پری سروس تربیتی پروگرام کے نصاب پر غور کیا گیا اور منظوری دی گئی۔ اجلاس میں دوستین خان جمالدینی، عبداللہ خان، ڈاکٹر جاوید انور شاہوانی، ڈاکٹر فیصل خان، سید غوث علی شاہ، رحمت اللہ جانگیزی اور مسٹر ندیم محمد کاکڑ سمیت کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی، جبکہ محمد رفیق رئیسانی، محمد رفیق اور ڈاکٹر علی نواز بلوچ خصوصی مدعوین کے طور پر شریک ہوئے۔ تربیتی پروگراموں کا مقصد سرکاری افسران کی پیشہ ورانہ، انتظامی، تکنیکی اور ڈیجیٹل صلاحیتوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا اور مؤثر، شفاف اور جوابدہ طرز حکمرانی کے لیے ان کی استعداد کار میں اضافہ کرنا ہے۔ بلوچستان سول سروسز اکیڈمی سرکاری افسران کی استعداد کار میں اضافے، پیشہ ورانہ معیار کی بہتری اور بہترین طرز حکمرانی کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 34

نکاسی آب کا دیرینہ اور اہم مسئلہ شہریوں کی جانب سے مختلف کھلی کچہریوں کے دوران مسلسل زبانی و تحریری طور پر ضلعی انتظامیہ کے سامنے پیش کیا جاتا رہا ہے شہریوں کے اس دیرینہ مطالبے اور مسئلے کے مستقل حل کے لیے صوبائی حکومت بلوچستان کی جانب سے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو فیز تھری کے تحت استا محمد میں نکاسی آب کے نظام کو بہتر اور مؤثر بنانے کے لیے 15 کروڑ روپے مالیت کے تین اہم ترقیاتی منصوبوں کے ٹینڈر جاری کر دیے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ان منصوبوں کا مقصد شہر میں سیوریج اور بارشی پانی کی نکاسی کے موجودہ مسائل کو کم کرنا نکاسی آب کے نظام کو منظم بنانا اور شہری آبادی کو درپیش مشکلات کا مستقل بنیادوں پر ازالہ کرنا ہے انہوں نے کہا کہ یہ منصوبے شہریوں کی جانب سے کھلی کچہریوں میں بار بار اٹھائے جانے والے اہم عوامی مسئلے کے حل کی جانب ایک بڑی اور عملی پیش رفت ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے شہریوں کے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے عوامی مسائل کے حل کے لیے متعلقہ صوبائی و ضلعی محکموں کے ساتھ مسلسل رابطہ مؤثر پیروی اور ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ کھلی کچہریوں میں شہریوں کی جانب سے پیش کیے جانے والے مسائل کو صرف سنا ہی نہ جائے بلکہ ان کے حل کے لیے عملی اقدامات بھی یقینی بنائے جائیں فیز تھری۔ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت استا محمد میں نکاسی آب کے نظام کی بہتری کے لیے تین منصوبے شامل کیے گئے ہیں جن میں پہلے نمبر پر استا محمد شہر سے آر بی او ڈی تھری ڈرین تک کچے نالے کی تعمیر اس منصوبے کی تخمینہ لاگت 5 کروڑ روپے ہے اس منصوبے کے ذریعے شہر سے نکلنے والے پانی کی نکاسی کے لیے مؤثر راستہ فراہم کیا جائے گا جس سے مختلف علاقوں میں پانی کے جمع ہونے اور نکاسی آب سے متعلق مشکلات میں کمی لانے میں مدد ملے گی دوسرے نمبر پر خانپور ڈسٹری کے شہری علاقے کے بائیں جانب آر سی سی ڈرین کی تعمیر اس منصوبے کی تخمینہ لاگت بھی 5 کروڑ روپے ہے آر سی سی ڈرین کی تعمیر سے شہری علاقے کے سیوریج اور نکاسی آب کے پانی کو مناسب انداز میں منتقل کرنے میں مدد ملے گی جبکہ تیسرا نکاسی آب کا منصوبہ خانپور ڈسٹری کے شہری علاقے کے دائیں جانب آر سی سی ڈرین کی تعمیر اس منصوبے کے لیے بھی 5 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں ڈرین کی تعمیر سے شہری علاقے میں نکاسی آب کے نظام کو مزید بہتر بنانے اور سیوریج کے پانی کی مناسب نکاسی کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ان تینوں منصوبوں کی مجموعی تخمینہ لاگت 15 کروڑ روپے ہے انہوں نے کہا کہ خانپور ڈسٹری کے شہری علاقے کے دونوں اطراف تعمیر کیے جانے والے آر سی سی ڈرینز نہ صرف نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے میں معاون ثابت ہوں گے بلکہ استا محمد شہر کے وسط سے گزرنے والی خانپور ندی کو سیوریج کے پانی سے محفوظ رکھنے میں بھی اہم کردار ادا کریں گے اس کے نتیجے میں شہری ماحول کو بہتر بنانے گندے پانی کے جمع ہونے کے مسئلے کو کم کرنے اور عوام کو درپیش نکاسی آب کی مشکلات میں کمی لانے میں مدد ملے گی انہوں نے کہا کہ شہریوں کی جانب سے کھلی کچہریوں میں پیش کیے جانے والے مسائل کو ضلعی انتظامیہ سنجیدگی سے لے رہی ہے اور متعلقہ محکموں کے ساتھ مسلسل رابطے کے ذریعے ان مسائل کے حل کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں استا محمد میں نکاسی آب کے لیے 15 کروڑ روپے کے ان تین منصوبوں کے ٹینڈر کا اجراء اس امر کی واضح مثال ہے کہ کھلی کچہریاں محض رسمی کارروائی نہیں بلکہ عوامی مسائل کی نشاندہی ان کی پیروی اور عملی حل کا مؤثر ذریعہ ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی شہری مسائل کا بروقت ازالہ اور ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات عام شہری تک پہنچانا ہے انہوں نے امید ظاہر کی کہ ان منصوبوں کی تکمیل کے بعد استا محمد شہر میں نکاسی آب کے نظام میں نمایاں بہتری آئے گی اور شہریوں کو دیرینہ مسئلے سے کافی حد تک ریلیف حاصل ہوگا

بقیہ 35

میں گی جبکہ بچوں کو کیڑوں سے بچاؤ کی گولیاں فراہم کی جائیں گی انہوں نے کہا کہ مہم کے دوران معمول کی حفاظتی ویکسینیشن سے محروم بچوں کو بھی ویکسین لگائی جائے گی تاکہ زیادہ سے زیادہ بچوں کو بیماریوں سے محفوظ بنایا جا سکے انہوں نے کہا کہ ہفتہ صحت کے دوران مختلف علاقوں میں ہیلتھ سیشنز بھی منعقد کیے جائیں گے، جن میں ماں اور بچے کی صحت، حفاظتی ویکسینیشن، بیماریوں سے بچاؤ اور صحت سے متعلق دیگر اہم امور کے حوالے سے عوام کو آگاہی دی جائے گی انہوں نے کہا کہ ماں اور بچے کی بہتر صحت ایک صحت مند معاشرے کی ضمانت ہے، اس لیے والدین اور عوام محکمہ صحت کی جانب سے جاری سرگرمیوں میں تعاون کریں اور بچوں کی بروقت حفاظتی ویکسینیشن کو یقینی بنائیں قبل ازیں ڈی ایچ او ڈاکٹر فرید احمد خان کی قیادت میں آگاہی واک بھی نکالی گئی، جس میں محکمہ صحت کے اہلکاروں اور لیڈی ہیلتھ ورکرز نے شرکت کی۔ شرکاء نے ماں اور بچے کی صحت کی اہمیت اجاگر کرنے اور حفاظتی ویکسینیشن کے حوالے سے عوامی شعور بیدار کرنے کے عزم کا اظہار کیا

بقیہ 36

ں اور عوام کی جانب سے پیش کیے جانے والے مسائل بھی سنے اور متعلقہ حکام کو ان کے فوری ازالے کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں ڈپٹی کمشنر کلیم اللہ کاکڑ نے طبی عملے کی حاضری اور ذمہ داریوں کا بھی جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر عملہ اپنی ڈیوٹیاں باقاعدگی اور ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں تاکہ دور دراز علاقوں سے آنے والے مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات میسر آ سکیں انہوں نے کہا کہ بنیادی مراکز صحت اور رورل ہیلتھ سینٹرز دیہی علاقوں کے عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات فراہم کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ حکومت کی ترجیح ہے کہ عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جائیں اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ صفائی ستھرائی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے، ضروری ادویات کی دستیابی یقینی بنائی جائے اور مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور ہمدردانہ رویہ اختیار کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے میں بہتری کے لیے ضلعی انتظامیہ متعلقہ محکمہ صحت کے ساتھ مل کر ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ 37

نصیب اللہ خان بازئی کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا کی ہے۔ بیان میں مرحوم کی سیاسی، جمہوری و ملی خدمات پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

بقیہ 38

کے حاکم عمرانی کو شدید زخمی کر دیا جنہیں فوری طور علاج کے لیے لاڑکانہ ریفر کر دیا جبکہ دوسرا واقعہ شہید چوک پر مسلح ڈاکوؤں نے اقلیتی تاجر راجے کمار کی کریانہ اسٹور سے تاجی کمار سے نقد رقم چھین کر فرار ہو گئے بدامنی کی وارداتوں میں اضافے سے شہریوں تاجر برادری میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے شہریوں نے پولیس کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں گشت کا مؤثر نظام بنایا جائے، وارداتوں میں ملوث عناصر کے خلاف فوری کارروائی کی جائے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 39

وں اور دیگر طبی و غیر طبی عملے کی حاضریاں چیک کیں۔ انہوں نے ایمرجنسی، او پی ڈی، آپریشن تھیٹر، آئی پی سیکشن اور دیگر شعبوں کا تفصیلی معائنہ کیا، جبکہ مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا بھی بغور جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیے عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ناگزیر ہے۔ ڈاکٹرز اور دیگر طبی عملہ اپنی حاضریاں یقینی بناتے ہوئے مریضوں کو بروقت اور بہتر طبی سہولیات فراہم کریں۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز اپنے مقدس پیشے سے مخلص رہیں اور دکھی انسانیت کی خدمت کو اپنا شعار بنائیں۔ ہسپتال میں صفائی ستھرائی کے انتظامات پر خصوصی توجہ دی جائے اور مریضوں و ان کے لواحقین کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ صحت کے شعبے میں بہتری لانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ عوام کو صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی

بقیہ 40

کو بہتر بنایا جائے، عوام کو معیاری اور تازہ اشیائے خورد و نوش فراہم کی جائیں اور اشیاء کی فروخت مقررہ نرخ نامے کے مطابق یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے اور بازاروں میں صفائی، معیار اور مقررہ نرخوں کی پابندی یقینی بنانے کے لیے چیکنگ کا سلسلہ جاری رہے گا۔

بقیہ 41

مجسٹریٹ) بلڈنگز (نوید بلوچ نے نیوسبزل روڈ) سی پیک روڈ (اور اے ون سٹی میں کارروائی کرتے ہوئے MCQ کی منظوری اور این او سی کے بغیر یا بلڈنگ کنٹرول قوانین کی خلاف ورزی پر تعمیر کی جانے والی 11 عمارتوں، پلازوں اور دکانوں کو سیل جبکہ 7 افراد کو گرفتار کر لیا۔ غیر قانونی تعمیرات کے بعض حصے مسمار بھی کیے گئے، جبکہ زرغون اور چلتن زون کے مانیٹرنگ سپروائزرز بھی کارروائی میں موجود رہے۔ واضح رہے کہ نیوسبزل روڈ) سی پیک روڈ (کمشنر کوئٹہ ڈویژن کی جانب سے نو کنسٹرکشن زون قرار دیا جا چکا ہے۔

کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی حفاظت کے لیے تمام ضروری اقدامات فوری طور پر مکمل کیے جائیں

قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جاسکتا، نور محمد دمڑ

صوبائی وزیر کا کوئلہ کان میں زہریلی گیس بھرنے سے دھماکے میں 4 کانکنوں کے جاں بحق ہونے پر افسوس کا اظہار

زیارت (خ ن) صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے ہرنائی کے علاقے شاہرگ کوئلہ کان میں زہریلی گیس بھرنے سے دھماکے میں 4 کانکنوں کے جاں بحق اور 5 کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں صوبائی وزیر اور ڈسٹرکٹ فوکل پرسن نے جاں بحق کانکنوں کے سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس سانحے سے وہ خود بھی غمزدہ ہیں۔ انہوں نے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 17)

اسسٹنٹ کمشنر جیوانی کا گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول گنز کا دورہ

کام میں مقررہ معیار اور شفافیت کو یقینی بناتے ہوئے منصوبہ بروقت مکمل کیا جائے

گوادر (خ ن) حکومت بلوچستان کی تعلیمی پالیسی کے تحت سرکاری تعلیمی اداروں میں تعلیمی معیار، طلبہ و طالبات کی حاضری، دستیاب وسائل کے موثر استعمال اور بنیادی سہولیات کی بہتری کے لیے جاری اقدامات کے سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر جیوانی طارق امام نے گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول گنز کا دورہ کیا۔ جہاں پر انہوں نے اسکول میں طالبات کی حاضری، تدریسی عمل، کلسٹر بجٹ کے استعمال اور جاری تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ لیا، جبکہ طلبہ سے ملاقات کرکے ان کے تعلیمی مسائل اور ضروریات کے بارے میں بھی معلومات حاصل کیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 18)

نال پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی، مختلف مقامات سے نشہ آور اشیا برآمد

نال (آن لائن) ایس ایچ او نال غلام حیدر زہری کی سربراہی میں نال پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے نال بازار، گردونواح، پریچ ہوٹل، ورنیلی، اٹھ چوک سمیت دیگر علاقوں میں مختلف دکانوں پر چھاپے مارے۔ کارروائی کے دوران نشہ آور اشیا بر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 16)

محکمہ زراعت میں میرٹ کے برخلاف ہونے والی تمام کارروائیوں کا نوٹس لیا جائے، رکن بلوچستان اسمبلی

سرکاری نوکریاں کسی افسر، سیاسی شخصیت یا بااثر فرد کی ذاتی جاگیر نہیں، جہانزیب مینگل

حقدار امیدواروں کو ان کے حق سے محروم کیا گیا تو اس معاملے کو اسمبلی سمیت ہر متعلقہ فورم پر بھرپور اور موثر انداز میں اٹھایا جائیگا

خضدار (آن لائن) رکن صوبائی اسمبلی میر جہانزیب مینگل نے محکمہ زراعت کی آسامیوں میں مبینہ بے ضابطگیوں پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ سرکاری نوکریاں کسی افسر، سیاسی شخصیت یا بااثر فرد کی ذاتی جاگیر نہیں، بلکہ عوام کے بچوں کا حق اور ریاست کی امانت ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ میرٹ کے قتل، اقربا پروری، سفارش اور من پسند افراد کو نوازنے کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی۔ اہل اور (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 1)

قلات: ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری گرونانک اور کالی دیوی مندر کا دورہ کر رہی ہیں

وڈھ، گزشتہ روز کے واقعے کے خلاف بازار میں شٹر ڈاؤن ہڑتال، قومی شاہراہ پر دھرنا کئی گھنٹے جاری رہا

خضدار (آن لائن) تحصیل وڈھ میں گزشتہ روز کے واقعے کے خلاف بازار میں شٹر ڈاؤن ہڑتال، قومی شاہراہ پر دھرنا کئی گھنٹے جاری رہا۔ وڈھ کے علاقہ سونارو میں گزشتہ روز پیش آنے والے واقعے کے خلاف وڈھ شہر میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال رہی، جبکہ مظاہرین نے دو (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 3)

سیکرٹری لیبر اینڈ مین پاور صالح ناصر قابل ذمہ دار آفیسر ہیں رفیق جنگ

موصوف اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ مزدوروں کے بغیر معاشرہ آگے نہیں بڑھ سکتا

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاسی ورکر اور ن لیگ سریاب کے رہنما رفیق جنگ اور حیات ہنگلزئی نے جاری کردہ بیان میں خوش اخلاق اور قابل سیکرٹری لیبر اینڈ مین پاور صالح ناصر کی کاوشوں اور اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے آفیسران نہ صرف محکمہ کے لئے خاص ہوتے ہیں بلکہ عوام بھی ان کے لئے اچھی رائے رکھتے ہیں اس کے لئے موصوف مزدوروں کو درپیش مسائل سے بخوبی آگاہ بلکہ انہیں حل کرنے کیلئے اقدامات اٹھارہے ہیں سیکرٹری لیبر اینڈ مین پاور صالح ناصر اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ مزدوروں پر توجہ دیئے بغیر دنیا کا کوئی بھی معاشرہ عزت وقار حاصل نہیں (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 2)

کوئٹہ، غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائیاں تیز

11 عمارتوں، پلازوں اور دکانوں کو سیل جبکہ 7 افراد کو گرفتار کرلیا

قانونی تعمیرات میں شہریوں کو ہر ممکن سہولت دی جائے گی، بشیر بڑیچ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے بلڈنگ کنٹرول قوانین کے موثر نفاذ، محفوظ و قانونی تعمیرات اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے وژن اور ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ کی ہدایات پر غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائیاں تیز کردی گئی ہیں۔ چیف آرکیٹیکٹ ایم سی کیو اشفاق بادینی اور میٹروپولیٹن (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 4)

ڈپٹی کمشنر لورالائی کی زیر صدارت کمیٹی انسداد منشیات کا اجلاس

کاشت کے خاتمے کے لیے کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی زیر صدارت ضلعی کمیٹی برائے انسداد منشیات کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں بھنگ کی کاشت کے خلاف جاری مہم، سروے اور آئندہ کے لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 5)

پاکستان کو ملکی خودمختاری اور خطے کے امن کو سامنے رکھتے ہوئے تشکیل دینی چاہیے

جاری شورش اور بدامنی کے حوالے سے بھی امریکہ کی پالیسیوں اور خطے میں اس کے تزویراتی مفادات کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا

دنیا میں امن وامان کی تباہی اور مختلف خطوں میں جاری بدامنی کے پیچھے امریکی بالادستی اور اس کی مداخلت پسندانہ پالیسیوں کا بنیادی کردار ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرست اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی نے کہا ہے کہ دنیا میں امن وامان کی تباہی اور مختلف خطوں میں جاری بد (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 15)

جھالاوان مزید سانحات اور افسوسناک واقعات کا متحمل نہیں ہوسکتا، مشیر بلدیات

زہری میں پائیدار امن، تعلیم، صحت اور کاروباری سرگرمیوں کی بحالی کے لیے حکومت ہر ممکن تعاون کرے گی

پورے جھالاوان میں امن، ترقی اور معمولات زندگی کی مکمل بحالی کو یقینی بنانے کی کوششیں جاری رکھی جائیں گی

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے زہری سمیت جھالاوان کے قبائلی عمائدین، سیاسی اکابرین اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں پر مشتمل وفود نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران جھالاوان، بالخصوص زہری میں قیام امن اور روزمرہ زندگی کی بحالی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے خطے میں پائیدار امن کے قیام اور معمولات زندگی کو مزید بہتر بنانے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 7)

غریب آدمی کیلئے دو وقت کی روٹی کا انتظام کرنا بھی مشکل ہوگیا ہے، حاجی ملک شاہ جمالدینی

حکومت عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مہنگائی کے عذاب میں دھکیل رہی ہے، گاڑیاں چلانا مشکل ہوگیا

کوئٹہ (آن لائن) آل کوئٹہ تفتان رخشان ڈویژن بس یونین کے مرکزی صدر حاجی ملک شاہ جمالدینی نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے پر وفاقی حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت نے عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مہنگائی کے ایسے عذاب میں مبتلا کردیا ہے جہاں غریب آدمی کے لیے دو وقت کی روٹی کا انتظام کرنا بھی مشکل ہوگیا ہے۔ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 8)

مختلف سیاسی، سماجی وتاجر رہنماؤں کی سینئر صحافی ظاہر خان ناصر سے تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) ایس ایس پی آپریشن ضیا مندوخیل، جمعیت علما اسلام کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مفتی روزی خا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 6)

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری سیاحت وثقافت نوابزادہ زرین خان مگسی سے مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ کے نوجوان ملاقات کر رہے ہیں

جامعہ تربت: اسپرنگ 2027 داخلوں کے لیے صرف دو دن باقی

تربت (خ ن) جامعہ تربت میں تعلیمی سال 2027 اسپرنگ سیشن کے لیے انڈرگریجویٹ اور گریجویٹ سطح کے 64 سے زائد تعلیمی پروگراموں میں داخلے کے لیے صرف دو دن با (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 10)

ڈکی، زیر زمین پانی کے غیر قانونی استعمال کے خلاف سخت اقدامات کا اعلان

تمام متعلقہ محکموں، بالخصوص زراعت، آبپاشی، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اور پولیس کو ہدایت

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی کی جانب سے جاری پبلک نوٹس میں صوبائی واٹر پالیسی ایکٹ، بلوچستان واٹر اینڈ پاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور متعلقہ قوانین کے تحت ضلع دکی میں زیر زمین پانی کے غیر قانونی استعمال کے خلاف سخت اقدامات کا اعلان کیا گیا ہے۔ نوٹس کے مطابق ضلع دکی میں زیر زمین پانی کے قانونی استعمال کے لیے تمام افراد، زمینداروں (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 9)

نصیرآباد پولیس کو مجموعی طور پر 31 نئی 125-CG موٹر سائیکلیں فراہم کردی گئیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کی خصوصی ہدایات پر پولیسنگ کے نظام میں جدت، فعال اور مستحکم بنانے اور گشت کے نظام کو مزید موثر و فعالیت کے لئے اوستہ محمد اور نصیرآباد پولیس (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 11)

صحت مند بچہ، خوشحال خاندان اور مضبوط پاکستان ہمارا مقصد ہے، ڈاکٹر عزیز

بچوں کی بروقت ویکسینیشن نہ صرف ایک صحت مند نسل کی ضمانت ہے، خطاب

محکمہ صحت دکی کی جانب سے عوام سے اپیل کی گئی کہ مہم کے دوران صحت کی ٹیموں کے ساتھ تعاون کریں

دکی (خ ن) ماں اور بچے کی صحت، حفاظتی ویکسینیشن اور بچوں کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے حوالے سے ڈی ایچ او آفس دکی میں ایک آگاہی سیمینار منعقد کیا گیا، جس کے بعد آگاہی ریلی بھی نکالی گئی۔ سیمینار اور ریلی میں ڈبلیو ایچ او کے نمائندوں، لیڈی ہیلتھ ورکرز اور محکمہ صحت کے اہلکاروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر ڈی ایچ او کے فوکل پرسن ڈاکٹر محمد عزیز نے شرکا کو مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور مہم کے اغراض و مقاصد، ویکسینیشن کے طریقہ کار اور بچوں و خواتین کو فراہم کی جانے والی سہولیات (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 13)

تائیکوانڈو کوچنگ اینڈ ریفری جج کورس کے شرکا میں سرٹیفکیٹس تقسیم

رانا اعجاز احمد اور خاور محمود نے کوچز، ریفریز اور ججز کی فنی و تکنیکی صلاحیتیں بہتر بنانے کی تربیت دی

کوئٹہ (آن لائن) پانچویں حکیم نادر عباس تائیکوانڈو چیمپئن شپ 19 ستمبر کو منعقد ہوگی۔ آرگنائزنگ کمیٹی نے حکیم نادر عباس تائیکوانڈو چیمپئن شپ کے کامیاب انعقاد کیلئے تائیکوانڈو کوچنگ اینڈ ریفری جج کورس منعقد کیا۔ نیشنل تائیکوانڈو کلب اور این ایس تائیکوانڈو کلب کے اشتراک سے تائیکوانڈو کے کھیل کو جدید خطوط پر فروغ دینے، کوچز اینڈ ریفریز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو نکھارنے اور کھیل کے قوانین سے آگاہی کیلئے منعقد ہونے والے تائیکوانڈو کوچنگ اینڈ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 19)

ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع ایک ایماندار، محنت کش اور عوام دوست افسر ہیں، ملک نجور

لورالائی (آن لائن) لورالائی گلی کچھ ممتازلی کے رہائشی ملک نجور نے ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی انتظامی صلاحیتوں، محنت، دیانت داری اور عوامی خدمت (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 14)

ضلع شیرانی میں ترقی کا نیا سفر، ترقیاتی منصوبوں سے عوامی سہولیات اور معیار زندگی میں نمایاں بہتری

شیرانی (آن لائن) بلوچستان کے ضلع شیرانی میں ترقی کا نیا سفر شروع ہوگیا ہے اور ترقیاتی منصوبوں سے عوامی سہولیات اور معیار زندگی میں نمایاں بہتری نظر آرہی ہے۔ بلوچستان (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 21)

تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی کی بنیاد ہے، ڈاکٹر احسان اللہ

تعلیمی و انتظامی معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے مختلف اقدامات جاری ہیں

لورالائی (خ ن) یونیورسٹی آف لورالائی کے وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ کو شعبہ تعلیم میں نمایاں خدمات کے اعتراف میں تمغہ امتیاز سے نوازے جانے پر یونیورسٹی کیمپس میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں فیکلٹی ممبران، انتظامی افسران، ملازمین اور طلباء نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کے دوران وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 12)

غزہ، اسرائیلی فضائی حملے میں گاڑی میں سوار کم از کم دو فلسطینی شہید، 13 زخمی

غزہ (آن لائن) غزہ کی پٹی میں اتوار کے روز ایک اسرائیلی فضائی حملے میں گاڑی میں سوار کم از کم دو فلسطینی شہید اور 13 زخمی ہوگئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مغربی غزہ شہر کے تل الہوا محلے میں ہونے والے حملے میں گاڑی تباہ ہوگئی۔ مقامی طبی عملے نے رائٹرز کو بتایا کہ انہوں نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ ایسی معلومات فراہم کریں جس سے ان دو افراد کی شناخت میں مدد مل سکے جو ہلاک ہوئے کیونکہ لاشیں دھماکے سے ٹکڑے ٹکڑے ہوگئیں۔ اسرائیلی فوج نے شواہد فراہم (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 20)

کوئٹہ، ڈائریکٹر ٹیکنیکل ساؤتھ (پروجیکٹ کوآرڈی نیٹر) نثار احمد مگسی اور اسسٹنٹ انجینئر احسان نذیر ٹھیکیداروں کی موجودگی میں مختلف ترقیاتی کاموں کے ٹینڈر راوپن کر رہے ہیں

لوگ عدم تحفظ کا شکار ہے اور اپنے حقوق کے حصول کے لئے آواز اٹھانے سے بھی قاصر ہیں، خطاب

آئین ہر شہری کو یونین اور پارٹی بنانے کا حق دیتا ہے، فیڈریشن آف ٹریڈ یونین

بلوچستان کے ملازمین کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک روا رکھا گیا ہے، حاجی رمضان خان اچکزئی

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونین کے صوبائی صدر حاجی رمضان اچکزئی، بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان نے 63 یونین پر پابندی کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ قوانین کی خلاف ورزی ہے کیونکہ آئین ہر شہری کو یونین اور پارٹی بنانے کا حق دیتا ہے ٹریڈ یونینز پر پابندی کو ختم اور بین الاقوامی حقوق تسلیم کرکے قومی اداروں کی نجکاری بند کی جائے۔ کول مائنز میں حادثات کی روک (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 22)

قلات پولیس کی کارروائی، ڈکیتی کیس میں مطلوب اشتہاری ملزم گرفتار

قلات (آن لائن) قلات پولیس کی کارروائی، ڈکیتی کیس میں مطلوب اشتہاری ملزم گرفتار، ایس ایس پی قلات سید زاہد حسین شاہ کے احکامات کی روشنی میں جرائم پیشہ عناصر اور اشتہاری ملزمان کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں ڈی ایس پی ایس ڈی پی او (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 23)

کوئٹہ، سابق چیئرمین سینٹ ورکن صوبائی اسمبلی محمد صادق سنجرانی، سابق سینیٹر نصیب اللہ بازئی کی وفات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

میونسپل کمیٹی لورالائی کی جانب سے شہر میں صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کا عمل تسلسل کے ساتھ جاری

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی ہدایت پر میونسپل کمیٹی لورالائی کی جانب سے شہر میں صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کا عمل تسلسل کے ساتھ جاری ہے۔ چیف آفیسر میونسپل کمیٹی محب اللہ خان کی نگرانی میں صفائی عملہ شہر کے مختلف علاقوں میں کچرے کی صفائی، (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 24)

پاکستان کلمہ طیبہ کے نام پر معرض وجود میں آیا ہے، سید حبیب اللہ شاہ چشتی

جب تک ملک میں نظام مصطفیٰ ﷺ اور سنت رسول ﷺ کا نظام قائم نہیں ہوتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے جید علماء کرام اور سادات سید حبیب اللہ شاہ چشتی، جنید شاہ، عرفان شاہ، حاجی طالب حسین فریدی، علامہ شہزاد مدنی، علامہ سعد احتشام سمیت (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 25)

اسسٹنٹ کمشنر لونی فتح خان ہنگلزئی کا بازار کا دورہ

ناقص صفائی اور غیر تسلی بخش انتظامات پر متعلقہ دکانداروں کو وارننگ جاری

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر لونی فتح خان ہنگلزئی نے بازار کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس دوران مختلف ہوٹلز، نان بائی شاپس، بیکریوں اور دیگر دکانوں کا معائنہ کرتے ہوئے صفائی ستھرائی، اشیائے خورد ونوش کے معیار و میعاد اور پرائس کنٹرول کا جائزہ لیا گیا۔ ایکسپائر اشیاء اور گلے سڑے پھلوں کی چیکنگ کے دوران ناقابل استعمال اشیاء کو تلف کیا گیا، جبکہ ناقص صفائی اور غیر تسلی بخش انتظامات پر متعلقہ دکانداروں کو وارننگ جاری کی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ صفائی کے معیار (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 40)

پشتونخوامیپ کا سینیٹر نصیب اللہ خان بازئی کی وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوامیپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹری نواب ایاز خان جوگیزئی، مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، سید شراف آغا، مجید خان اچکزئی، کبیر افغان اور دیگر رہنماؤں نے سینیٹر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 37)

ڈپٹی کمشنر شیرانی کا (RHC) مانی خواہ کا دورہ

مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور ہمدردانہ رویہ اختیار کیا جائے

شیرانی (خ ن) ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ نے رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) مانی خواہ کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، صفائی ستھرائی اور طبی عملے کی کارکردگی کا جائزہ لیا دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے مختلف وارڈز، او پی ڈی، ایمرجنسی سمیت دیگر شعبوں کا معائنہ کیا اور ہسپتال میں زیر علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کرکے انہیں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے مریضو (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 36)

ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری کا ٹیچنگ ہسپتال قلات کا دورہ

ادویات کی دستیابی اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا بھی بغور جائزہ لیا

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے ٹیچنگ ہسپتال قلات کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کرتے ہوئے دستیاب طبی سہولیات، صفائی ستھرائی اور درپیش مسائل کا جائزہ لیا۔ قائمقام ایم ایس ڈاکٹر محمد یعقوب زہری اور ڈاکٹر گنشام داس نے ڈپٹی کمشنر کو ہسپتال کے مختلف شعبوں کا دورہ کرایا اور انہیں طبی سہولیات، انتظامی امور اور درپیش مسائل سے متعلق بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں ڈاکٹر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 39)

اوستہ محمد میں بدامنی کی لہر، موٹر سائیکل چھیننے کی واردات میں مزاحمت پر شہری شدید زخمی، اقلیتی تاجر بھی لٹ گیا

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد میں بدامنی کی لہر، موٹر سائیکل چھیننے کی واردات میں مزاحمت پر شہری شدید زخمی، اقلیتی تاجر بھی لٹ گیا اوستہ محمد سٹی پولیس تھانہ کے حدود خانپور ریل کے قریب ڈاکوؤں نے حاکم علی عمرانی سے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی مزاحمت پر ڈاکوؤں نے فائر کر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 38)

لیڈی ہیلتھ ورکرز گھر گھر جاکر خواتین کو ٹی ڈی ویکسین لگائیں گی، ڈاکٹر فرید

حفاظتی ویکسینیشن کے حوالے سے عوامی شعور بیدار کرنے کے عزم کا اظہار

ژوب (خ ن) محکمہ صحت ژوب کے زیر اہتمام یونیسف کے اشتراک سے ضلع بھر میں 14 سے 19 ستمبر تک ماں اور بچے کی صحت کا ہفتہ منایا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں افتتاحی تقریب اور آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا، جس میں محکمہ صحت کے افسران و اہلکاروں اور لیڈی ہیلتھ ورکرز نے شرکت کی۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فرید احمد خان اور فوکل پرسن حافظ حلیم شاہ نے کہا کہ ماں اور بچے کی صحت کے ہفتے کے دوران نیشنل پروگرام کے تحت مختلف سرگرمیاں جاری رکھی گئی ہے لیڈی ہیلتھ ورکرز گھر گھر جا کر خواتین کو ٹی ڈی ویکسین لگا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 35)

حکومت اور محکمہ خوراک عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام رہی ہے عوام پہلے ہی شدید مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی مشکلات کا شکار ہیں

آٹے کی ترسیل میں رکاوٹیں دور اور نرخوں میں کمی لائی جائے، پشتونخوامیپ کا مطالبہ

20 کلو آٹے کا تھیلا تقریباً 3000 روپے، 50 کلو کا تھیلا تقریباً 7500 روپے، جبکہ 100 کلو آٹے کی بوری تقریباً 15000 روپے تک پہنچ چکی

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں آٹے کی قیمتوں میں کمی نہ آنا اور پنجاب و سندھ سے بلوچستان کو آٹے کی ترسیل نہ ہونے پر سخت افسوس اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافے اور فلور ملز کی جانب سے آٹے کی قیمتوں میں مزید کمی نہ کرنے کا بیان انتہائی افسوسناک ہے۔ ایک طرف غریب عوام مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 26)

کوئٹہ: صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے جھالاوان ہاؤس کوئٹہ میں جھالاوان سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے سیاسی، قبائلی عمائدین اور وفود ملاقات کر رہے ہیں

گوادر، حکومت بلوچستان کی کھیل دوست پالیسی

گوادر (آن لائن) حکومت بلوچستان کی کھیل دوست پالیسی، نوجوانوں کو صحت مند و مثبت سرگرمیوں کے مواقع (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 27)

آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس

منشیات کی روک تھام کیلئے موثر اور ٹھوس اقدامات کیے جائیں

خضدار (آن لائن) آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس مقامی ریسٹ ہاؤس خضدار میں چیئرمین بشیر احمد جنگ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں شہر کو درپیش مختلف مسائل پر تفصیلی غور و خوض کے بعد متفقہ فیصلے کیے گئے اور اعلیٰ حکام کو فوری اقدامات کی سفارش کی گئی۔ اجلاس میں چیئرمین بشیر احمد جنگ، جنرل سیکرٹری عبدالقدیر زہری، عبدالحمید بلو (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 28)

بارکھان پولیس کی منشیات کے خلاف کارروائیاں جاری

بارکھان (خ ن) ڈی آئی جی کوہ سلیمان ڈویژن ایاز احمد بلوچ کے احکامات اور ایس پی بارکھان عبدالحق رئیس کی خصوصی ہدایت پر بارکھان پولیس کی جانب سے منشیات کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں ڈی ایس پی رکھنی جبار مینگل کی نگرانی میں ایس ایچ او رکھنی ایس آئی توقیر شاہ نے پولیس پارٹی کے ہمراہ نیشنل ہائی وے پر دوران چیکنگ ٹرک نمبر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 29)

نال: کمبی تا ڈھل چتال، بی پیک تا اسد مارکیٹ چوک سمیت مختلف سڑکوں کے کام تاحال شروع نہ ہوسکے

نال (آن لائن) نال کمبی تا ڈھل چتال روڈ، بی پیک تا اسد مارکیٹ چوک سمیت دیگر علاقوں کی سڑکوں کے کام کئی ماہ گزر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 30)

رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان کی زیر صدارت اجلاس

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

اجلاس کے دوران پسنی میں گزشتہ روز سے جاری بجلی کی بندش کا معاملہ زیر بحث آیا

گوادر/پسنی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی حکومت کی پالیسی کے تحت عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کے فوری حل کے لیے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی موجودگی میں اسسٹنٹ کمشنر پسنی خسرو دلاوری کی زیر نگرانی مختلف محکموں کی کارکردگی اور عوامی مسائل سے متعلق تفصیلی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 31)

بلوچستان کے کئی معروف اداروں میں آٹھ ہفتوں پر مشتمل اپنی انٹرن شپ کامیابی سے مکمل کرلی

تربت (خ ن) جامعہ تربت کے شعبہ سوشیالوجی کے سینئر طلبہ نے بلوچستان کے کئی معروف اداروں میں آٹھ ہفتوں پر مشتمل اپنی انٹرن شپ کامیابی سے مکمل کر لی ہے، جن میں کیچ تھیلیسیمیا کیئر سینٹر، سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ، بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف سائیکاٹری اینڈ بہی (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 32)

بلوچستان سول سروسز اکیڈمی میں 8 ویں ایڈہاک نصابی کمیٹی کا اجلاس

پیشہ ورانہ معیار کی بہتری اور بہترین طرز حکمرانی کے فروغ کے لیے پرعزم ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سول سروسز اکیڈمی (BCSA)، کوئٹہ میں 8 ویں ایڈہاک نصابی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت ڈاکٹر حفیظ احمد جمالی، ڈائریکٹر جنرل بی سی ایس اے نے کی۔ اجلاس میں اعلیٰ سرکاری حکام، ماہرین تعلیم اور متعلقہ محکموں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں محکمہ مواصلات، تعمیرات، فزیکل پلاننگ و ہاؤسنگ کے انجینئرز سب ڈویژنل آفیسرز کے لیے 12 ہفتوں کے پیشہ ورانہ تربیتی پروگرام، محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کے سپرنٹنڈنٹس و آفس کوآرڈینیٹرز کے لیے 8 ہفتوں کے تربیتی پروگرام اور اسسٹنٹ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 33)

استہ محمد میں نکاسی آب کے دیرینہ مسئلے کے حل کیلئے 15 کروڑ روپے کے تین اہم منصوبوں کے ٹینڈر جاری

نصیرآباد (خ ن) استہ محمد میں نکاسی آب کے دیرینہ مسئلے کے حل کے لیے 15 کروڑ روپے کے تین اہم منصوبوں کے ٹینڈر جاری کر دیے گئے واضح رہے کہ اس حوالے سے تفصیلات بتاتے ہوئے ڈپٹی کمشنر استہ محمد محمد رمضان پلال نے کہا ہے کہ استہ محمد شہر میں (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 34)

سیوی: فوکل پرسن میر شہباز خان باروزئی یوتھ آرگنائزیشن بلوچستان کے زیر اہتمام پاکستان وومن لیڈرشپ پروجیکٹ کے تحت ایک روزہ سیشن سے خطاب کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر وپبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر: 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com